★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 27 رجب المرجب 1446ھ، 28 جنوری 2025ء، 15 ماگھ 2081پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 99

سپریم کورٹ 26 ویں آئینی ترمیم کیخلاف دائر درخواستوں پر فریقین کو نوٹسز جاری

جب پارلیمنٹ نے دو تہائی اکثریت سے ترمیم منظور کی تو پھر ہاؤس نامکمل کیسے تھا، کیا ہاؤس نامکمل ہونے کی یا کورم پورا نہ ہونے کی کسی کی نشاندہی کی؟ جسٹس جمال

ابھی آپ کی خواہشات کے مطابق فل کورٹ نہیں بن سکتا، آئینی بینچ میں ججز کی نامزدگی جوڈیشل کمیشن کرتا ہے، جسٹس جمال خان مندوخیل کا وکلاء سے مکالمہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف درخواستوں پر نوٹس جاری کر دیے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق عدالت عظمیٰ نے فل کورٹ کی تشکیل اور عدالتی کارروائی براہ راست نشر کرنے کی درخواست پر بھی نوٹسز جاری کرتے ہوئے سماعت 3 ہفتوں کیلئے ملتوی کر دی ہے۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 8 رکنی آئینی بینچ نے 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف درخواستوں پر سماعت کی، فریقین کے وکلا حامد خان اور فیصل صدیقی روسٹرم پر آ گئے اور چھبیسویں آئینی ترمیم کے خلاف دائر درخواستوں پر فل کورٹ بنانے کی استدعا کی۔ جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ ابھی آپ کی خواہشات کے مطابق فل کورٹ نہیں بن سکتا، آئینی (بقیہ نمبر 37)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف انسانی سمگلنگ کی روک تھام کے لیے تشکیل دی گئی ٹاسک فورس کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جسٹس عائشہ ملک کی کسٹمز ایکٹ سے متعلق کیس سننے سے معذرت

میں کیس نہیں سن سکتی، اس کی الگ سے وجوہات دوں گی، جسٹس عائشہ ملک کی وضاحت

اختیارات سے متعلق ایک آرڈر بھی آیا ہے، دیوان موٹرز کیس جلد سنا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف پاکستان کی جج جسٹس عائشہ ملک نے کسٹمز ایکٹ کے سیکشن 221 اے کی آئینی حیثیت کے بارے میں کیس سننے سے معذرت کر لی۔ کسٹمز ایکٹ کے سیکشن 221 اے کی آئینی حیثیت کے بارے میں آئینی بنچ میں اپیلوں پر سماعت (بقیہ نمبر 38)

سٹیٹ بینک نے شرح سود میں ایک فیصد کمی کا اعلان کر دیا

مانیٹری پالیسی کمیٹی نے ملک میں شرح سود 13 سے کم کر کے 12 کر دی ہے، معاشی اعشاریئے بہتری کی جانب گامزن ہیں، مہنگائی اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں خاطر خواہ کمی ہوئی ہے، گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد کی پریس کانفرنس

کراچی (پ ر ا ئ ن پی) سٹیٹ بینک نے شرح سود میں ایک فیصد کمی کا اعلان کر دیا، سٹیٹ بینک نے نئی مانیٹری پالیسی کا اعلان کر دیا، گورنر سٹیٹ بینک کا ملک میں شرح سود میں کمی کا اعلان، مانیٹری پالیسی کمیٹی نے ملک میں شرح سود 13 سے کم کر کے 12 کر دی گئی ہے، کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے گورنر سٹیٹ بینک جمیل احمد کا کہنا تھا کہ سٹیٹ بینک کی مانیٹری کمیٹی نے شرح میں ایک فیصد کمی کا اعلان کیا ہے۔ معاشی اعشاریئے بہتری کی جانب گامزن ہیں۔ (بقیہ نمبر 41)

ماہ میں بجلی کے نرخوں میں بڑی کمی ہوگی

سود میں کمی خوش آئند

وزیر اعظم

کاروبار میں آسانی لانے کی کوششیں کر رہے ہیں، اس حوالے سے چند ہفتوں میں اعلان کیا جائے گا، جب تک بجلی کے نرخ کم نہیں ہوں گے، ہم ترقی نہیں کر سکتے، اس کے ہم شبانہ روز کاوشیں کر رہے ہیں

جب تک بجلی کے نرخ کم نہیں ہوں گے، ہم ترقی نہیں کر سکتے، اس کے ہم شبانہ روز کاوشیں کر رہے ہیں، اگلے چند ماہ میں بجلی کے نرخ میں خاطر خواہ کمی آئے گی؛ شہباز شریف کا اسلام آباد میں تقریب سے خطاب

اسلام آباد (یو این پی) شرح سود میں کمی خوش آئند قرار دیتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ بس چلے تو ٹیکس کی شرح 15 فیصد کم کر دوں مگر آئی ایم ایف کی وجہ سے مجبوری ہے۔ شرح 5 فیصد سے کم ہے، بجلی کے نرخوں میں کمی کے لیے شبانہ روز محنت کر رہے ہیں، اگلے چند ماہ میں بجلی قیمتوں میں نمایاں کمی آئے گی، اگر بس چلے تو ٹیکس کی شرح 15 فیصد کم کر دوں مگر آئی ایم ایف کی وجہ سے مجبوری ہے، مجھے یقین ہے کہ یہ آئی ایم ایف کا آخری پروگرام ہوگا۔ شہباز شریف کہتے ہیں کہ ہم سب مل کر پاکستان کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کی کاوشیں کر رہے ہیں، یہ محنت رنگ لا رہی ہے، اس وقت مہنگائی بڑھنے کی شرح 5 فیصد سے کم ہے، بینکوں کی شرح سود میں آج پالیسی ریٹ میں مزید کمی آئی، برآمدات بڑھ رہی ہیں، آئی ٹی ایکسپورٹ اور ترسیلات (بقیہ نمبر 44)

پی ایف یو جے کا پیکا ترمیمی ایکٹ کیخلاف (آج) ملک بھر میں احتجاج کا اعلان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس ایسوسی ایشن (بقیہ نمبر 70)

عوام پر بوجھ ڈالنے پر ن لیگ، پی پی اور پی ٹی آئی میں اتحاد ہے: حافظ نعیم الرحمٰن

امیر جماعت اسلامی کا ارکان پارلیمان کی تنخواہوں میں اضافے کی منظوری کے معاملہ پر ردعمل

آئی پی پیز مافیا کے خلاف 31 جنوری کو ملک بھر میں احتجاج اور دھرنے دیں گے

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے ارکان پارلیمان کی تنخواہوں میں اضافے کی منظوری کے معاملہ پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ عوام پر بوجھ ڈالنے پر ن لیگ، پی پی اور پی ٹی آئی میں اتحاد ہے، یہ تینوں جماعتیں بڑے جاگیرداروں پر ٹیکس نہیں (بقیہ نمبر 47)

جس انداز میں توہینِ عدالت کا مرتکب قرار دیا گیا اجلاس میں نہیں جاؤں گا

ایک سینئر سیاستدان کا بیان چھپا ہوا ہے، ملک میں جمہوریت نہیں، جسٹس اطہر من اللہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے ایڈیشنل رجسٹرار نذر عباس کی انٹرا کورٹ اپیل واپس لینے کی بنیاد پر نمٹا دی۔ پیر کو جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیئے ہیں کہ ہم آئین کو فالو کریں گے، فیصلے کو نہیں، یہاں سوال اختیارات سے تجاوز کا ہے، کیا کمیٹی (بقیہ نمبر 45)



وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہیوسٹن میں امریکی کانگریس کے رکن اینگزینڈر سے ملاقات

چینی کمپنی کی پنجاب میں چاول اور مکئی کاشت کیلئے پائلٹ پراجیکٹ، جی ایم او کٹ لگانے کی پیشکش

پنجاب میں کینسر تشخیص وعلاج کیلئے اسٹیٹ آف دی آرٹ سرکاری ہسپتال بھی بنایا جائیگا، پنجاب حکومت صحت کے شعبے میں ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کرنے کیلئے پُرعزم ہے

پنجاب کو جدید طبی تحقیق میں عالمی سطح پر نمایاں مقام دلانے میں مدد دیں گے، بی جی آئی گروپ چیئرمین وانگ جیان نے وزیراعلیٰ مریم نواز کی شعبہ صحت میں کارکردگی کو سراہا

لاہور (چیف رپورٹر) چینی کمپنی بی جی آئی گروپ نے پنجاب میں چاول اور مکئی کی کاشت کیلئے پائلٹ پراجیکٹ، پیداوار بڑھانے کیلئے جی ایم او کاٹن لگانے کی پیشکش کی ہے اور پنجاب میں کینسر ٹریٹمنٹ اور جینٹک ٹیسٹنگ کیلئے اشتراک کار بھی کرے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے چین کے بی جی آئی گروپ کے چیئرمین وانگ جیان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں کینسر کے علاج اور جدید جینیاتی تحقیق کے لئے دورے چین میں ہونے والے ایم او یو پر پیشرفت سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔ چینی وفد نے بہاولپور کے صحرائی علاقے میں چاول اور مکئی کی (بقیہ نمبر 43)



وزیراعظم کے موسمیاتی تبدیلی کے کوآرڈینیٹر، روبینہ خورشید عالم سے پاکستان میں یونیسف کے نمائندے کی ملاقات

پرائم منسٹر یوتھ کونسل تشکیل، تقریب حلف برداری (آج)

پاکستان سے 100، دنیا بھر سے 13 پاکستانی نوجوان منتخب کیے گئے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر پرائم منسٹر یوتھ کونسل تشکیل دے دی گئی۔ پرائم منسٹر یوتھ کونسل کی حلف برداری آج (منگل) کے روز ہوگی، کونسل پاکستان (بقیہ نمبر 46)

سینیٹ قائمہ کمیٹی کی ڈیجیٹل نیشن بل 2025 کی منظوری

حق میں 4 اور مخالفت میں 2 ووٹ آئے، سینیٹر کامران سیف اللہ نیازی کی بل کی مخالفت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن (آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام) نے ڈیجیٹل نیشن پاکستان بل 2025 منظور کرلیا، بل کے (بقیہ نمبر 40)

پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی، ججز آئینی کمیٹی نے جوڈیشل آرڈر کو نظر انداز کیا، سپریم کورٹ

ایڈیشنل رجسٹرار نذر عباس نے دانستہ توہینِ عدالت نہیں کی، شوکاز نوٹس واپس، بینچ نے اپنے فیصلے میں کہا کہ چیف جسٹس پاکستان اس معاملے پر فل کورٹ تشکیل دیں

معاملے کو دیکھنے کے لیے چیف جسٹس پاکستان کو فل کورٹ کے لیے بھجواتے ہیں

سوال یہ تھا کہ انتظامی آرڈر کے ذریعے جوڈیشل آرڈر کو ختم کیا جا سکتا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے رجسٹرار جوڈیشل نذر عباس کیخلاف توہین عدالت کیس کا فیصلہ سنا دیا، جس میں عدالت نے قرار دیا کہ پریمیس اینڈ پروسیجر کمیٹی اور ججز آئینی کمیٹی نے جوڈیشل آرڈر کو نظر انداز کیا۔ جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس عتیق عباسی پر (بقیہ نمبر 66)



پیکا ترمیمی ایکٹ پر پی ٹی آئی اور صحافیوں کا احتجاج

صحافی بول رہے ہیں کہ آپ حکومت نہیں، آپ خود پیکا بل کی مخالفت کر رہے ہیں، سینیٹر کامران

اتنی جلدی میں کیوں منظور کیا جا رہا ہے، بل میں بہت سی کمزوریاں ہیں، رہنما جے یو آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ اجلاس کے دوران پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور صحافیوں نے پیکا ترمیمی بل 2025 کے معاملے پر احتجاج کیا اور ایوان سے واک آؤٹ کر گئے۔ سینیٹ کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سید دال خان ناصر کی زیر صدار (بقیہ نمبر 71)



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان گورنر ہاؤس میں سپورٹس گالا تقسیم انعامات کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر داخلہ کی امریکی رکن کانگریس سے ملاقات

محسن نقوی کی کانگریس کی فنانس کمیٹی کے اہم ممبر الیگزینڈر گرین سے ملاقات

ہیوسٹن (نیٹ نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے امریکی کانگریس مین الیگزینڈر گرین سے ملاقات کر کے افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی اور دراندازی کے واقعات کی تفصیلات سے آگاہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہیوسٹن میں امریکی کانگریس اور کانگریس کی (بقیہ نمبر 51)



لاہور: چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سیوریج پلاننگ اگلے 25 سال کی ضروریات مدنظر رکھ کر کی جائے

59 شہروں میں سیوریج مسائل کے حل کے منصوبے تیار کئے جا رہے ہیں، ذیشان رفیق

برساتی پانی کے نکاس کیلئے 15 شہروں میں زیر زمین واٹر ٹینک بنائے جا رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی کے دورے میں ہونے والی ایک بریفنگ کے موقع پر ہدایت کی ہے کہ سیوریج پلاننگ اگلے 25 سال کی ضروریات مدنظر رکھ کر کی جائے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب شکیل احمد میاں بھی اجلاس (بقیہ نمبر 57)

روبینہ خورشید عالم سے نمائندہ یونیسیف کی ملاقات

موسمیاتی تبدیلی کے اثرات، غذائی تحفظ اور بچوں کے تحفظ کے مسائل پر گفتگو

موسمیاتی تبدیلی کے باعث خشک سالی، سیلاب اور دیگر قدرتی آفات بڑھ رہی ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) موسمیاتی تبدیلی، خوراک کی حفاظت اور بچوں کے تحفظ کے حوالے سے کوآرڈینیٹر موسمیاتی تبدیلی روبینہ خورشید عالم سے یونیسیف کے نمائندہ عبداللہ اے فاضل کی یہاں ایک اہم ملاقات ہوئی، اس ملاقات میں موسمیاتی تبدیلی کے اثرات، غذا (بقیہ نمبر 58)

اسٹاک ایکسچینج میں ایک لاکھ، 15 ہزار کی حد بحال، ڈالر سستا

100 انڈیکس ایک لاکھ 15 ہزار 365 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک کی جانب سے مانیٹری پالیسی کے اعلان سے پہلے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی کا رجحان، انڈیکس نے ایک مرتبہ پھر ایک لاکھ، 15 ہزار کی حد عبور کر لی۔ کاروباری ہفتے کے پہلے روز اسٹاک ایکسچینج میں مثبت کاروبار کا آغاز ہوا، 100 انڈیکس میں 484 پوائنٹس کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس کے بعد 100 انڈیکس ایک (بقیہ نمبر 59)

صاف توانائی منتقلی ترقی پذیر ممالک کو مالی معاونت دی جائے، پاکستان

ترقی پذیر ممالک محدود مالی وسائل کی وجہ سے مہنگے توانائی منصوبے مکمل کرنے کے قابل نہیں

دنیا بھر میں شمسی توانائی، برقی گاڑیوں، ونڈ پاور کے شعبوں میں ترقی ہو رہی ہے

چین ترقی پذیر اور ابھرتی معیشتوں میں اس مثبت رجحان کی قیادت کر رہا ہے

پاکستان میں شمسی اور ہوا سے توانائی پیدا کرنے کی بڑی صلاحیت موجود ہے

نیویارک (نیٹ نیوز) اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقل مندوب عثمان جدون نے کہا ہے کہ ترقی پذیر ممالک کو صاف توانائی کی منتقلی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مالی معاونت دی جائے۔ اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں خطاب کرتے ہوئے عثمان جدون (بقیہ نمبر 48)

پشاور میں قاضی ظہور احمد کا قتل، مولانا فضل الرحمٰن کی مذمت

حکومت کی رٹ ختم ہو چکی ہے، لاقانونیت کا راج ہے، جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ

پشاور (بیورو رپورٹ) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کی جانب سے پارٹی رہنما قاضی ظہور احمد کے قتل کی مذمت کی گئی۔ ایک بیان میں مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ قاضی ظہور احمد کے قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے سزا دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی کی جان و مال محفوظ نہیں ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ حکومت کی رٹ ختم ہو چکی ہے، لاقانونیت کا راج ہے۔



ملتان، ہی پی او صادق علی ڈوگر حامد پور چوک کے قریب گیس ٹینکر دھماکے کی جگہ کا دورہ کر رہے ہیں

اسرائیل کو نتساریم کوریڈور کھولنے پر مجبور کرنے کی ضرورت ہے، حماس

معاہدے پر عمل درآمد کیلئے اسرائیل کو اپنی ذمہ داریوں کی پاسداری کا پابند بنانا ہوگا

غزہ (نیٹ نیوز) غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کے معاہدے کی شرائط کی خلاف ورزی کے حوالے سے فریقین کے الزامات کے تبادلے کے بعد حماس نے ثالثوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل کو اپنی ذمہ داریوں کی پاسداری کا پابند بنانا ہوگا۔ عرب ٹی وی کے مطا (بقیہ نمبر 62)

قائمقام اسپیکر کا ایل پی جی باؤزر پھٹنے سے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار

لاہور (خبر نگار) قائمقام اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ نے ملتان میں ایل پی جی باؤزر پھٹنے سے 6 افراد کے جانی (بقیہ نمبر 65)

عدالت نے بارودی مواد برآمدگی کیس میں الزام ثابت نہ ہونے پر ملزم کو بری کر دیا

لاہور (کورٹ رپورٹر) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے بارودی مواد برآمدگی کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے الزام ثابت نہ ہونے پر بریت کا فیصلہ سنا دیا۔ انسداد دہشتگردی کی (بقیہ نمبر 64)

آزاد کشمیر، نوجوان غلطی سے لائن آف کنٹرول عبور کر گیا

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) آزاد کشمیر کا ایک نوجوان غلطی سے لائن آف کنٹرول عبور کر گیا۔ تفصیلات کے مطابق آزاد کشمیر کے علاقے تیتری نوٹ کا رہائشی نوجوان غلطی سے لائن (بقیہ نمبر 63)

پولیس کی 6 ہزار بھرتیوں کیلئے 1 لاکھ 10 ہزار سے زائد درخواستیں جمع

لاہور (خبر نگار) پنجاب پولیس میں 6 ہزار بھرتیوں کے لئے 1 لاکھ 10 ہزار سے زائد امیدواروں نے درخواستیں جمع کرائیں۔ سکروٹنی کے بعد معیار پر پورا اترنے والوں (بقیہ نمبر 61)

بشریٰ بی بی کی شکایتوں پر علی امین کو ہٹا دیا گیا، مریم اورنگزیب

عمران خان نے وفاداری کے بدلے میں بے وفائی کی اپنی روایت کو ایک بار پھر دہرایا ہے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان اور پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ عمران خان نے علی امین گنڈاپور کو پارٹی کی صوبائی صدارت سے ہٹا کر وفاداری کے بدلے میں بے وفائی کی اپنی روایت کو ایک بار پھر دہرایا ہے۔ مریم اورنگزیب نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ عمران خان کی فطرت میں کسی کے ساتھ وفاداری کا تصور موجود نہیں (بقیہ نمبر 49)



صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ اور رکن قومی اسمبلی پیر عمران احمد شاہ ولی ساہیوال میں بھی رانی پروگرام کے تحت اجتماعی شادیوں کی تقریب کے موقع پر جوڑوں میں سلامی کے اے ٹی ایم کارڈ تقسیم کر رہے ہیں

بزدار کو منصوبے تباہ کرنے کیلئے لایا گیا تھا، رانا تنویر حسین

وزیر اعلیٰ مریم نواز تعلیم، صحت اور زراعت پر فوکس کر رہی ہیں، وفاقی وزیر

مریدکے (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے وزیر اعظم شہباز شریف نے تعلیم سمیت ہر شعبہ میں اصلاحات کیں، پی ٹی آئی دور میں عثمان بزدار نے تعلیم کی تنزلی کے علاوہ کوئی کام نہیں کیا، اسے بانی پی ٹی آئی پنجاب میں لائے ہی اس (بقیہ نمبر 55)

ڈسٹرکٹ پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں ہفتہ وار جنرل پریڈ کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) ڈسٹرکٹ پولیس لائنز قلعہ گجر سنگھ میں ہفتہ وار جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا، ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خان نے جنرل (بقیہ نمبر 50)

12 مئی جلاگھیرا کیس، سابق میئر کراچی وسیم اختر سمیت دیگر بری

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کی انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 12 مئی کے کیس میں سابق میئر کراچی و (بقیہ نمبر 52)

بلاول بھٹو زرداری کا ملتان میں باؤزر دھماکہ میں جانی و مالی نقصان پر اظہارِ افسوس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے ملتان میں باؤزر دھماکہ میں جانی و مالی نقصان (بقیہ نمبر 53)

پی ٹی آئی کا گرفتار رہنماؤں، کارکنان کی رہائی کیلئے 8 فروری سے دوبارہ تحریک شروع کرنے کا فیصلہ

لاہور (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف نے پارٹی رہنماؤں اور کارکنان کی رہائی کے لیے 8 فروری سے دوبارہ تحریک (بقیہ نمبر 54)

چیف سیکرٹری کا رمضان پیکج میں شفافیت یقینی بنانے کا حکم

مستحق افراد کا مستند ڈیٹا اکٹھا کیا جائے تاکہ اصل حقدار تک اسکا حق پہنچ سکے، زاہد اختر زمان

چیف سیکرٹری کی ڈپٹی کمشنرز کو رجسٹریشن کا عمل 15 فروری تک مکمل کرنے کی ہدایات جاری

لاہور (چیف رپورٹر) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے ہدایت کی ہے کہ رمضان پیکج میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے مستحق افراد کا مستند ڈیٹا اکٹھا کیا جائے تاکہ اصل حقدار تک اسکا حق پہنچ سکے۔ انہوں نے یہ ہدایت یہاں سول سیکرٹریٹ پوائنٹ، چیئرمین پی آئی ٹی بی، بی ای او پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی اور متعلقہ (بقیہ نمبر 60)

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں ایشین ڈویلپمنٹ بینک کا وفد ملاقات کر رہا ہے

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض
سٹی نیوز

لاہور چیمبر مطالبے پر مارک اپ ریٹ میں کمی خوش آئند ہے: میاں ابوذر شاد

فیصلے سے قرضے کی لاگت میں کمی، صنعتی ترقی کے فروغ، اور ملک میں تجارت و سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا ہوگا

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے مطالبے پر سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے مارک اپ ریٹ میں کمی خوش آئند ہے۔ اس فیصلے سے قرضے کی لاگت میں کمی، صنعتی ترقی کے فروغ، اور ملک میں تجارت و سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا ہوگا۔ تاہم اسے سنگل ڈیجٹ پر لایا جائے۔ لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوذر شاد اور نائب صدر شاہد نذیر چودھری نے اپنے بیان میں اس فیصلے کو کاروباری برادری کو درپیش معاشی چیلنجز سے نمٹنے کی جانب ایک مثبت قدم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ مارک اپ ریٹ طویل عرصے سے ایک بڑی رکاوٹ رہی تھی جس کی وجہ سے کاروبار خاص طور پر ایس ایم ایز کو فنانس تک رسائی حاصل نہیں تھی۔ لاہور چیمبر کے مطالبے پر مارک اپ ریٹ بائیس فیصد سے کم کر کے تیرہ فیصد اور اب مزید کم کیا گیا جس سے کاروباری اداروں کو سازگار شرائط پر قرض تک رسائی فراہم ہوگی جس سے پیداواریت میں اضافہ ہوگا اور معاشی استحکام کو فروغ ملے گا۔ سٹیٹ بینک کے فعال کردار کو سراہتے ہوئے لاہور چیمبر کے عہدیداروں نے حکومت اور مرکزی بینک پر زور دیا کہ وہ معیشت کو مزید مضبوط کرنے کے لیے اضافی اقدامات کریں۔ ان میں توانائی کے اخراجات کو کم کرنے کے لیے اقدامات، کاروباری اداروں پر مالی بوجھ کم کرنے کے لیے ٹیکس اصلاحات، اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں کے لیے ہدف شدہ مدد شامل ہیں۔ کاروباری برادری نے اس بات پر بھی زور دیا کہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مسلسل مشاورت کے ذریعے معاشی مسائل کو موثر طریقے سے حل کیا جائے۔ ایل سی سی آئی کی قیادت نے اس فیصلے کو سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بحال کرنے اور پائیدار ترقی کو فروغ دینے کے لیے ایک درست سمت میں قدم قرار دیا۔ انہوں نے تجارتی بینکوں سے بھی مطالبہ کیا کہ وہ شرح سود میں کمی کے فوائد کو کاروباروں، خاص طور پر ایس ایم ایز اور نئے کاروباری منصوبوں تک منتقل کریں، جو معاشی سرگرمیوں کو بڑھانے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں



لاہور: چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نگہبان رمضان پیکج کا جائزہ لینے کیلئے ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری پنجاب کا نگہبان رمضان پیکج میں شفافیت یقینی بنانے کا حکم

مستحق افراد کا مستند ڈیٹا اکٹھا کیا جائے تاکہ اصل حقدار تک اسکا حق پہنچ سکے

زاہد اختر زمان نے ڈپٹی کمشنرز کو رجسٹریشن کا عمل 15 فروری تک مکمل کرنے کی ہدایات جاری کر دیں

لاہور (خبر نگار) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے ہدایت کی ہے کہ نگہبان رمضان پیکج میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے مستحق افراد کا مستند ڈیٹا اکٹھا کیا جائے تاکہ اصل حقدار تک اسکا حق پہنچ سکے۔ انہوں نے یہ ہدایت آج یہاں سول سیکرٹریٹ میں ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کی جس میں سی ای او بورڈ آف ریونیو، چیئرمین پی آئی ٹی بی، سی ای او پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی اور متعلقہ حکام نے شرکت کی جبکہ تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ رمضان پیکج کیلئے پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹری (پی ایس ای آر) میں رجسٹریشن ضروری ہے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ رجسٹریشن کا عمل 15 فروری تک مکمل کر لیا جائے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ نادار افراد تک عزت و احترام کیساتھ انکا حق پہنچانا انتظامی افسران کی ذمہ داری ہے، افسران اپنے فرائض انسانی خدمت کے جذبے کے تحت سرانجام دیں۔

پی آئی ٹی بی اور پی پی آر اے کی جانب سے پنجاب کے سینئر سول ججز کیلئے ای پروکیورمنٹ بارے ٹریننگ سیشن کا انعقاد



لاہور (خبر نگار) پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ اور پنجاب پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کے تعاون سے پنجاب کے تمام سینئر سول ججز کیلئے پنجاب جوڈیشل اکیڈمی لاہور میں ای پروکیورمنٹ سسٹم کے حوالے سے تعارفی اور ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن کے دوران پی پی آر اے مینیجنگ ڈائریکٹر وقار عظیم نے شرکاء کو پی پی آر اے کے قانونی فریم ورک بارے تفصیلی آگاہی فراہم کی جبکہ پی آئی ٹی بی ٹیم نے شرکاء کو ای پروکیورمنٹ سسٹم بارے تعارفی آگاہی پیش کرتے ہوئے مختلف ماڈیولز کے حوالے سے ڈیمو دیا اور شرکاء کے سوالات و خدشات کے جوابات دیئے۔ معزز ججز نے سیشن کے حوالے سے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سسٹم کی شفافیت، احتساب اور پروکیورمنٹ کے عمل کو آسان بنانے کی صلاحیت کو خوب سراہا جو خریداری کرنے والی ایجنسیوں اور سپلائرز دونوں کیلئے سودمند ثابت ہو سکتا ہے۔ اس حوالے سے پی آئی بی چیئرمین فیصل یوسف کا کہنا تھا کہ ہم نے ای پروکیورمنٹ سسٹم میں جدید تکنیکوں کو شامل کیا ہے تاکہ سرکاری خریداری کو محفوظ اور موثر بنایا جا سکے۔ اس نظام کے تحت دکاندار کسی بھی جگہ سے آن لائن بولی لگا سکتے ہیں جس سے پروکیورمنٹ مزید آسان اور قابل رسائی ہوگئی ہے

ٹریفک وارڈنز نے بداخلاقی اور نازیبا زبان استعمال کرنا اور لوگوں سے ہاتھا پائی کرنا وطیرہ بنالیا

وزیر آباد (نامہ نگار) ٹریفک وارڈنز نے بداخلاقی اور نازیبا زبان استعمال کرنا اور لوگوں سے ہاتھا پائی کرنا وطیرہ بنا لیا۔ گزشتہ روز سابق ایم پی اے و ضلعی صدر حلقہ خواتین مسلم لیگ (ن) بیگم طلعت شوکت چیمہ اپنے بیٹے وہاج شوکت چیمہ کے ہمراہ کچہری چوک آئیں اور گاڑی کو اچھے طریقے سے پارک کیا اور الفلاح بینک میں داخل ہوگئیں جبکہ بیٹے وہاج شوکت چیمہ کو گاڑی میں بٹھا دیا اسی اثناء میں ٹریفک وارڈنز آیا اور زبردستی گاڑی کی چابی نکال لی اور بداخلاقی اور نازیبا زبان شروع کر دی جس پر وہاج شوکت چیمہ نے کہا کہ گاڑی بالکل ٹھیک پارک کی ہے گاڑی سے چابی کیوں نکالی اور اس طرح کی کیوں زبان استعمال کر رہے ہو شور سن کر بیگم طلعت شوکت چیمہ بینک سے باہر آئیں تو انہوں نے بھی کہا کہ اپنا لہجہ ٹھیک کرو میں سی ٹی او اور کمشنر گوجرانوالہ سے اس بارے بات کروں گی جس پر ٹریفک وارڈنز نے گاڑی کی چابیاں واپس کیں اور وہاں پر موجود لوگوں نے بھی ٹریفک وارڈنز کو سمجھایا کہ ایسا نہ کرو۔ واضح رہے کہ دو روز قبل بھی ٹریفک وارڈنز نے موٹر سائیکل سواروں اور چنگ چی رکشہ ڈرائیورز سے بھی بد تمیزی اور فحش گالیاں بکی تھیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی لاہور کیمپس سمسٹر بہار 2025 کے داخلے جمع کروانے کی تاریخ 10 فروری مقرر کی گئی ہے: امان اللہ ملک ڈائریکٹر

لاہور (خبر نگار) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ریجنل کیمپس لاہور کے ریجنل ڈائریکٹر امان اللہ ملک کے بیان کے مطابق علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں سمسٹر بہار 2025 کے داخلے میں میٹرک، انٹر میڈیٹ، بی۔ایڈ پروگرامز اور سرٹیفکیٹ کورسز میں داخلے جمع کروانے کی تاریخ 10 فروری مقرر کی گئی ہے۔ جبکہ پی ایچ ڈی، ایم فل، ایم ایس، پوسٹ گریجوایٹ ڈپلومہ، ایسوسی ایٹ ڈگری (بی اے) اور بی ایس (متبادل ایم اے) پروگرامز میں داخلے جمع کروانے کی آخری تاریخ 17 فروری ہے۔ جاری طلبہ بذریعہ CMS انرولمنٹ 24 فروری تک کروا سکتے ہیں۔ مزید معلومات یونیورسٹی ویب سائٹ یا ریجنل آفس لاہور کے فون نمبر 04299333578 پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ جناب ریجنل ڈائریکٹر نے اس حوالے سے کہا کہ طلباء و طالبات کو چاہیے کہ وہ جلد از جلد اوپن یونیورسٹی میں داخلے کے لیے اپنا داخلہ فارم جمع کروائیں تاکہ جلد از جلد داخلہ ممکن ہو سکے

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹل پروموشنل کمیٹی کا اجلاس منعقد

اجلاس میں افسران کی ترقی کے معاملات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا

لاہور (خبر نگار) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن پنجاب کی ڈیپارٹمنٹل پروموشنل کمیٹی کا اجلاس ایڈیشنل سیکرٹری ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں افسران کی ترقی کے معاملات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ کمیٹی کے اراکین نے افسران کی ترقی کے لیے ان کے تجربے، کارکردگی اور پیشہ ورانہ مہارت کی بنیاد پر تیار کی گئیں سفارشات پیش کیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری نے کہا کہ یہ سفارشات محکمہ کی ترقیاتی پالیسی کے عین مطابق ہیں اور افسران کی شاندار کارکردگی کے اعتراف کے طور پر پیش کی گئی ہیں۔ اجلاس کے دوران افسران کی پیشہ ورانہ ترقی اور خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے عزم کا اظہار بھی کیا گیا

مرکزی مسلم لیگ لاہور کا ہفتہ یکجہتی کشمیر منانے کا اعلان

پورے شہر میں مختلف کیمپ، ریلیاں اور خصوصی پروگرام منعقد کیے جائیں گے



لاہور (خبر نگار) مرکزی مسلم لیگ لاہور نے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے "ہفتہ یکجہتی کشمیر" منانے کا اعلان کر دیا ہے۔ اس دوران پورے شہر میں مختلف کیمپ، ریلیاں اور خصوصی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ جبکہ 5 فروری کو مال روڈ پر عظیم الشان جلسہ منعقد کیا جائے گا۔ مرکزی مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی نے کہا کہ "کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے پورے شہر میں یونین کونسل سطح پر پروگرام ترتیب دیے جا رہے ہیں۔ مرکزی مسلم لیگ لاہور کشمیری عوام کی آواز بنے گی اور مظلوم کشمیریوں کو پیغام دیا جائے گا کہ جدوجہد آزادی میں پاکستان کا بچہ بچہ آپ کے ساتھ کھڑا ہے۔ ہندوستان کے کشمیر پر غاصبانہ قبضے کو کسی صورت تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور مسلم لیگ ہاؤس میں تنظیمی اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ تنظیمی اجلاس میں لاہور کے تحصیلی صدور اور پی پی جنرل سیکرٹریز نے شرکت کی۔ جنرل سیکرٹری لاہور ڈاکٹر مزمل اقبال ہاشمی کا مزید گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ کشمیری عوام کی اخلاقی اور سفارتی حمایت ہر سطح پر جاری رکھی جائے گی۔ 5 فروری کو مال روڈ پر ہونے والے جلسے سے کہنا تھا کہ یہ تاریخ کا یادگار اجتماع ہوگا جس میں کشمیر کاز کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا اور عالمی برادری کو یہ پیغام دیا جائے گا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور اس کے بغیر پاکستان نامکمل ہے

شہر میں اغوا برائے تاوان کی وارداتیں بڑھ گئیں: مقدمات درج

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں اغوا برائے تاوان کی وارداتیں بڑھ گئیں، سعودیہ پلٹ شخص کو اغوا کے بعد ڈیڑھ کروڑ کی رقم تاوان میں مانگ لی ترجمان کے مطابق شالیمار پولیس نے احمد صالح کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا، ایف آئی آر کے متن کے مطابق مغوی سعودی عرب سے پاکستان شفٹ ہوا تھا ملزمان نے مدعی کے والد کی بازیابی کیلئے ڈیڑھ کروڑ روپے کی رقم مانگی ہے اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان اور مغوی کی تلاش کے لیے سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد لی جا رہی ہے جلد ملزمان کو گرفتار کر کے مغوی کو برآمد کر لیا جائے گا۔

تاجر برادری فوج کے حق میں ریلی نکالے گی: امجد نذیر بٹ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر و چیئرمین انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ شہر کی تاجر برادری مرکزی انجمن تاجران کے پلیٹ فارم سے افواج پاکستان کے حق میں رواں ہفتہ کے دوران اظہار یکجہتی ریلی نکالے گی جس میں دیگر تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بھی کثیر تعداد میں شرکت کریں گے یہ شاندار ریلی ثابت کرے گی کہ اہلیان شیخوپورہ اپنے بہادر فوجی جوانوں سے والہانہ محبت کرتے ہیں، افواج پاکستان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے اور قومی عسکری قیادت سے اظہار یکجہتی کیلئے تمام تر طبقات پر جوش ہیں محب وطن عوام کی اپنی جری و بہادر سپاہ سے یگانگت ناقابل فراموش ہے۔

ڈولفن ٹیم نے گداگری کی آڑ میں وارداتیں کرنے والے خواجہ سرا کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن ٹیم نے گداگری کی آڑ میں وارداتیں کرنے والے خواجہ سرا کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ڈولفن اسکواڈ کے مطابق ڈولفن ٹیم نے نواں کوٹ کے علاقے سے ڈولفن ٹیم نے مقامی لوگوں کی شکایات پر ریکی کر کے خواجہ سرا عامر عرف تتلی کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے موبائل برآمد کر کے اسے مزید تفتیش کے لیے تھانہ نواب ٹاؤن برائے مقدمہ نمبر 561/25 درج ہے دوران تفتیش انکشاف ہوا کہ خواجہ سرا کینال روڈ کے اطراف و کراسنگ برج پر وارداتیں کرتا تھا۔

تھانہ سٹی وزیر آباد میں گرفتار ڈکیت گینگ سے برآمد مال مسروقہ مالکان کے سپرد کرنے کی تقریب



وزیر آباد (نامہ نگار) تھانہ سٹی وزیر آباد میں گرفتار ڈکیت گینگ سے برآمد مال مسروقہ مالکان کے سپرد کرنے کی تقریب، ایس پی صدر گوجرانوالہ شاہد نواز، اے ایس پی سرکل وزیر آباد حسین بلال کی کی تھانہ میں آمد، اس موقع پر ایس ایچ او سٹی اورنگزیب، ایس ایچ او صدر گوھر عباس بھٹی، ایس ایچ او سوہدرہ مختار باجوہ، سنیئر نائب صدر مرکزی تنظیم تاجران محمد اکبر بٹ، صدر تنظیم تاجران ریلوے روڈ طارق جاوید ملک ضلعی امیر ناصر محمود کلیر، معروف صنعتکار لالہ محمد خلیل، ممبر زامن کمیٹی ملک محمد یوسف چاند، احمد یار وڑائچ، صدر ایکویٹل ویلفیئر آرگنائزیشن میر آصف محمود، محمد اشرف نثار، کاشف محمود خان، کاشف اشرف، ہیر عالم، شکیل اعوان، سب انسپکٹر صلاح الدین ایوبی، صدر موبائل ایسوسی ایشن رضوان بٹ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ایس پی صدر شاہد نواز نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سرکل پولیس وزیر آباد نے ڈکیتی و رہزنی میں ملوث تین بڑے گینگ کے سات ملزمان گرفتار کر لئے ہیں، ملزمان 22 مقدمات میں مطلوب تھے، گرفتار تینوں گینگ بین الاضلاعی وارداتوں میں ملوث تھے،

انجمن راجپوتاں ضلع شیخوپورہ کے سرپرست اعلیٰ حاجی عاشق حسین منج کی خصوصی ہدایت پر عہدیداران کی اہم میٹنگ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) انجمن راجپوتاں ضلع شیخوپورہ کے سرپرست اعلیٰ حاجی عاشق حسین منج کی خصوصی ہدایت پر عہدیداران کی اہم میٹنگ ضلعی صدر رانا خالد حسین کے آفس میں منعقد ہوئی جس کی صدارت چیئرمین رانا محمد اکرم نے کی اجلاس میں سینئر ڈپٹی چیئرمین عبدالحمید بھٹی، ڈپٹی چیئرمین حاجی نثار احمد، ڈپٹی چیئرمین رانا احسان احمد سلہریا، ضلعی صدر رانا خالد حسین، ضلعی نائب صدر چوہدری اسرار احمد خاں، تحصیل صدر رانا ذوالفقار احمد اور ضلعی جنرل سیکرٹری پروفیسر رانا محمد اشفاق نے شرکت کی میٹنگ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا اور باہمی مشاورت میں طے پایا کہ مستحق طلبہ و طالبات کو تعلیمی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور نئے تعلیمی سال کے آغاز پر انہیں سکول یونیفارم، کتابیں و بیگز سمیت فیسوں و دیگر اخراجات کی ادائیگی یقینی بنائی جائے گی، میٹنگ میں رمضان پیکج کی تیاری کا فیصلہ کیا گیا جس کے دائرہ کار کو امسال بڑھانے پر اتفاق ہوا تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق گھرانوں کو رمضان راشن فراہم کیا جا سکے، اجلاس میں طے پایا کہ مجلس عاملہ، ضلعی اور تحصیل باڈی کے جن عہدیداران نے مصروفیت کے باعث 8 جنوری کو حلف نہیں اٹھایا ان کی حلف برداری ماہانہ اجلاس میں مورخہ 2 فروری کو ہوگی

شہر میں ڈاکوؤں کی واردات کے نتیجے میں پٹرول پمپ کا کیشئر زخمی ہو گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں ڈاکوؤں کی واردات کے دوران مزاحمت کے نتیجے میں پٹرول پمپ کا کیشئر زخمی ہو گیا جبکہ چوری و ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق جنوبی چھاؤنی میں پٹرول پمپ پر وارادات کے دوران فائرنگ کر کے ڈاکوؤں نے کیشئر احمد سے اڑھائی لاکھ نقدی لوٹی، زخمی احمد کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے جبکہ ڈیفنس میں سنجاول سے 1 لاکھ 50 ہزار روپے زیورات اور دیگر سامان۔ گڑھی شاہو میں کاشف سے 1 لاکھ 45 ہزار روپے اور موبائل فون۔ مانگا منڈی میں ریاض سے 1 لاکھ 35 ہزار روپے اور موبائل فون۔ لوئر مال میں حبیب سے 1 لاکھ 30 ہزار روپے اور موبائل فون چھین لئے۔

مجلس وحدت مسلمین ضلع جھنگ کا اجلاس سید محمد علی قاسم تحصیل صدر منتخب عہدے کا حلف اٹھا لیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) مجلس وحدت مسلمین ضلع جھنگ کا اجلاس سید محمد علی قاسم تحصیل صدر منتخب عہدے کا حلف اٹھالیا مجلس وحدت مسلمین ضلع جھنگ کے زیر اہتمام اجلاس منعقد ہوا اجلاس کی صدارت سید روح اللہ کاظمی ضلعی صدر مجلس وحدت مسلمین جھنگ نے کی اجلاس میں مجلس وحدت مسلمین ضلعی کابینہ کے اراکین، سابقین، معززین نے شرکت کی اجلاس میں سید محمد علی قاسم بخاری ایڈووکیٹ کو کثرت رائے سے مجلس وحدت مسلمین تحصیل جھنگ کا صدر منتخب کر لیا گیا نومنتخب صدر سے سید روح اللہ کاظمی نے حلف لیا۔

بجلی بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 9 بجے سے دن 3 بجے تک 30 جنوری کو علی آباد، مدوکی، مگھیانہ، خاکی شاہ روڈ، سپریم گم فیڈرز میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی۔

تھانہ گجر پورہ کی پولیس نے نوجوان نسل کو منشیات فروشی کرنے والا ریکارڈ یافتہ 2 رکنی گروہ منشیات کی بڑی کھیپ سمیت رنگ ہاتھوں گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ گجر پورہ کی پولیس نے نوجوان نسل کو منشیات فروشی کرنے والا ریکارڈ یافتہ 2 رکنی گروہ منشیات کی بڑی کھیپ سمیت رنگ ہاتھوں گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق گجر پورہ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران ملزمان بلال عرف بالی اور وقاص کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی 1 کلو 340 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا لاہور (کرائم رپورٹر) نواب ٹاؤن سے لاپتہ ہونے والی خاتون وکیل کی لاش حافظ آباد کی نہر سے برآمد ہونے کا معاملہ۔ لاہور پولیس نے خاوند بلال اور ڈرائیور کی گرفتاری کے لیے ٹیمیں تشکیل دے دی دیں پولیس حکام کے مطابق دونوں نے مکمل پلاننگ کی اور بعد میں قتل کر دیا اور خاتون سائرہ کی لاش بوری میں ڈال کر نہر میں پھینک دی ملزمان کی سی ڈی آر اور لوکیشن ٹریس کی جا رہی ہیں ابتدائی تفتیش کے مطابق بلال نے بیوی سائرہ کو گھر یلو ناچاقی پر سفاکانہ طریقے سے قتل کیا جلد دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا جائے گا۔

سبزہ زار پولیس نے 02 منشیات و شراب فروش گرفتار کر لئے

لاہور (کرائم رپورٹر) سبزہ زار پولیس نے 02 منشیات و شراب فروش گرفتار کر لئے، ملزمان مختلف تعلیمی اداروں، مارکیٹوں اور بازاروں، میں منشیات و شراب فروخت کرتے تھے، ترجمان کے مطابق سبزہ زار پولیس نے کاروائی کے دوران بدنام زمانہ منشیات فروش عثمان عرف گیٹو سے 01 کلو 60 گرام چرس برجکہ بدنام زمانہ شراب فروش عامر مسیح سے بھاری مقدار میں شراب کی بوتلیں برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے اور انہیں مزید تفتیش کے لئے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا

سی ای او والٹن کنٹونمنٹ بورڈ اور اے سی کینٹ کی جانب سے والٹن روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن

آپریشن کا دائرہ کار والٹن روڈ کے دائیں حصے سے شروع ہو کر ڈیفنس موڑ سے کورے ڈسپوزل تک پھیلایا گیا



لاہور (تخلیق صدیقی سے) والٹن روڈ پر تجاوزات کے خاتمے کے لیے 26 جنوری کو صبح 30:10 بجے سے آپریشن کا آغاز کیا گیا، جس میں مختلف محکموں اور عملے نے بھرپور تعاون کیا۔



آپریشن میں WCB کے عملے کی معاونت کے لیے پولیس، ٹریفک پولیس، اے سی کینٹ اسٹاف اور وارڈ ممبران نے اپنی موجودگی سے کام کو مزید موثر بنایا۔ آپریشن کا دائرہ کار والٹن روڈ کے دائیں حصے سے شروع ہو کر ڈیفنس موڑ سے کورے ڈسپوزل تک پھیلایا گیا، جہاں 21 ریمپس کو صاف کیا گیا۔ دوسری جانب، والٹن روڈ کے بائیں حصے میں ڈیفنس موڑ سے کورے اسٹاپ تک 78 ریمپس کی صفائی کی گئی، جس سے کل 99 ریمپس کی صفائی مکمل کی گئی۔ اس میں گزشتہ روز چھوڑے گئے ریمپس بھی شامل ہیں، جنہیں بینک اسٹاپ اور 27 نمبر اسٹاپ تک مکمل کیا گیا۔ اس آپریشن میں میکانیکی وسائل کا بھرپور استعمال کیا گیا جس میں WCB کی 4 وہیگ بائیکس، 3 نفاذی ٹرک/پک اپ، 1 لفٹر، 3 بکٹ/ٹریکٹر ٹرالیاں، 1 ایکسکیویٹر، 1 ہتھوڑا اور ٹریفک پولیس کے 3 موٹر بائیکس شامل تھے۔ یہ آپریشن تجاوزات کے خاتمے کے لیے کامیابی کا مظہر ثابت ہوا، جس میں تمام محکموں نے مل کر کام کیا اور سڑکوں کو صاف کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔



ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1329 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1329 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 660 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 882 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (75 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 810 ڈرائیورز، 71 کم عمر ڈرائیور، 550 مسافر اور 193 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 251 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 326 متاثرین کے ساتھ پہلے فیصل آباد 93 حادثات میں 105 متاثرین کے ساتھ دوسرے، گوجرانوالہ 89 حادثات میں 91 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔

سرکاری نرخ ناموں کو نظر انداز کر کے من مرضی کے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں قصابوں نے سرکاری نرخ ناموں کو نظر انداز کر کے من مرضی کے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں انتظامیہ اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹ خاموش قصاب من مرضی کے نرخوں پر گوشت فروخت کرنے میں مگن سرکاری نرخ نامے کے مطابق گائے بچھڑے کا گوشت 800 روپے فی کلو گرام بکرے کا گوشت 1600 روپے فی کلو مقرر ہے جبکہ قصاب گائے بچھڑے کا گوشت ایک ہزار 12 سو روپیہ اور بکرے کا گوشت 2 ہزار 22 سو روپے فی کلو کے حساب سے فروخت کر رہے ہیں

1 کلو چرس برآمد کا کیس: جرمانہ عائد

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور ایڈیشنل سیشن جج کورٹ دیپالپور ایڈیشنل سیشن جج دیپالپور 1 کلو 790 گرام چرس برآمدگی کا کیس دیپالپور عدالت نے ملزم عابد علی کو 10 سال قید کی سزا سنا دی دیپالپور عدالت نے ملزم پر 02 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا دیپالپور جرمانے کی عدم ادائیگی پر 06 ماہ قید مزید بھگتنا ہوگی

پولیس میں بھرتیوں کے لئے درخواستیں جمع کروانے کی تاریخ ختم

لاہور (کرائم رپورٹر) پولیس میں بھرتیوں کے لئے درخواستیں جمع کروانے کی تاریخ ختم، پنجاب پولیس میں 6 ہزار بھرتیوں کے لئے فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 25 جنوری مقرر کی گئی تھی۔ پولیس حکام کے مطابق 25 جنوری تک لاہور میں 12 ہزار 800 امیدواروں نے بھرتی کے لئے درخواستیں دیدیں، صوبہ بھر سے 1 لاکھ 10 ہزار سے زائد امیدواروں نے درخواستیں دیں۔ سکروٹنی کے بعد معیار پر پورا اترنے والوں کو دوڑ اور جسمانی پیمائش کے لئے بلایا جائیگا، آئی جی پنجاب کی جانب سے رواں ہفتے کمیٹیاں تشکیل دیکر بھرتی کا باقاعدہ آغاز کیا جائے گا۔ دوڑ جسمانی پیمائش اور تحریری ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو انٹرویو کے لئے بلایا جائے گا۔

رسول اللہؐ کی تعلیمات نے دنیا روشن کر دی: مولانا حنیف حقانی



لاہور (پ ر) ورلڈ پاسبان ختم نبوت کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف حقانی نے معراج مصطفیٰ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات نے دنیا روشن کر دی اور دنیا کو اندھیروں سے نکال کر روشن کر دیا۔ پوری انسانیت کی بھلائی اور دنیا و آخرت کی تمام تر کامیابی و کامرانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظیم و روشن تعلیمات پر حقیقی معنوں میں عمل کرنے میں ہے مگر افسوس کہ مسلم حکمران اور مسلمان اللہ تعالیٰ اور اسکے رسولؐ کے احکامات کو صحیح معنوں میں نہیں اپنا رہے اور دین اسلام کی تعلیمات سے کوسوں دور ہو چکے جسکی وجہ سے تباہ و بربادی ہمارا مقدر بن گئی اور آج اسوقت پاکستان و پوری دنیا کے مسلمان تباہ و بربادی ذلت و رسوائی سے دوچار ہیں یہ سب کچھ صرف اور صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات پر صحیح عمل نہ کرنا ہے انہوں نے کہا کہ ہماری تمام تر پریشانیوں اور مصائب و مشکلات کا حل اللہ تعالیٰ اور اسکے رسولؐ کے احکامات پر مکمل عمل کرنے میں ہی ہے اللہ ہمیں سچا و کھرا مسلمان بنائے۔

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) پشاور میں سینئر مڈ کیریئر تربیتی کورس کے شرکاء مختلف سروسز سے تعلق رکھنے والے افسران کے 22 رکنی گروپ نے ایف ڈی اے کمپلیکس کا مطالعاتی دورہ کیا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) پشاور میں سینئر مڈ کیریئر تربیتی کورس کے شرکاء مختلف سروسز سے تعلق رکھنے والے افسران کے 22 رکنی گروپ نے ایف ڈی اے کمپلیکس کا مطالعاتی دورہ کیا اور بریفنگ سیشن میں شرکت کی۔ گروپ کی قیادت فیکلٹی ممبرز شہید اللہ نذیر اور ڈاکٹر ریاض کر رہے تھے۔ ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری نے افسران کا خیر مقدم کیا اور انہی

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 28 جنوری 2025ء

مسلم لیگ ن کی قیادت کے زیر نگرانی ترقی کا سفر جاری رہے گا: منشاء اللہ بٹ

ترقیاتی فنڈ کی ایک ایک پائی پوری ایمانداری اور دیانت داری سے خرچ کی جا رہی ہے جس کا مقصد عوام الناس کا معیار زندگی بلند کرنا ہے



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی انتھک محنت کی بدولت صوبہ بھر میں ترقیاتی کاموں کا آغاز ہو چکا ہے اور ترقی کا سلسلہ وہی سے شروع کیا گیا ہے جہاں مسلم لیگ ن کی حکومت نے چھوڑا تھا، ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور رفتار کو یقینی بنایا جا رہا ہے اور ترقیاتی فنڈ کی ایک ایک پائی پوری ایمانداری اور دیانت داری سے خرچ کی جا رہی ہے جس کا مقصد عوام الناس کا معیار زندگی بلند کرنا ہے۔ یہ بات انہوں نے آج یونین کونسل بونکن میں ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چودھری عمر ایوب، سابق یوسی چیئرمین میاں شاہد پرویز، میاں منیر احمد، میاں جمیل، میاں شہباز محمد، مہر عارف، ڈاکٹر اسد، راجہ شاہد (دی راج ہوٹل) عبدالحمید قاسم، سب انجینئر حافظ اقبال بھی موجود تھے۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے جاری ترقیاتی اسکیموں کے معیار کی پڑتال کی اور میونسپل کارپوریشن کے انجینئرنگ ونگ کو ہدایت کی منصوبوں میں لیول گلیوں اور روڈ کے لیول کا خاص خیال رکھا جائے تاکہ سیوریج کے مسائل ساتھ ساتھ حل کئے جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے 11 ماہ کے مختصر دورانیہ میں ترقیاتی منصوبوں کے انبار لگا دیئے ہیں، ہونہار سکاؤٹس پارک، دی رانی، تھرا پنجاب، روڈ انفراسٹرکچر، بالخصوص چیف منٹر ڈسٹرکٹ سٹیشن ایبل ڈویلپمنٹ گولز پروگرام 2024 اور 2025 کے تحت ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ کار عوام الناس کی دہلیز تک پہنچا دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ کی وفاق اور صوبے میں حکومت معاشی چیلنجز سے نمٹ رہی ہے اور مہنگائی بتدریج کم ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن جب بھی اقتدار ملا تب ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا۔

حکومت کیساتھ مذاکرات ختم کرنا احسن اقدام ہے: ریحانہ ڈار

نااہل حکمران آٹھ فروری کے الیکشن کی دھاندلی کو بھول گئی ہے: رہنما تحریک انصاف



سیالکوٹ (بیورو چیف) پاکستان تحریک انصاف رہنما و ٹکٹ ہولڈر این اے 71 ریحانہ امتیاز ڈار نے کہا ہے کہ بانی پیٹرن پی ٹی آئی نے حکومت کیساتھ مذاکرات ختم کرکے احسن اقدام کیا ہے کیونکہ حکمران جو کہ فارم 47 کی پیداوار ہیں وہ مذاکرات کی میز پر مذاق رات کر رہے تھے اور وقت ضائع کرنے کے علاوہ ان کا کوئی کام نہیں تھا نہ تو ان کے پاس کوئی اختیارات ہیں اور نہ ہی ان میں یہ عقل اور فہم و فراست ہے۔ مذاق اڑانے والے اشخاص اور حکمران ٹولہ صرف اور صرف پاکستان تحریک انصاف کی طرف سے دیئے گئے۔ نااہل حکمران آٹھ فروری کے الیکشن کی دھاندلی کو بھول گئی ہے اور اب صرف انہوں نے 26 نومبر اور نومئی کو ہونیوالے واقعات پر کمیشن قائم کرنیکی بات کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت سیاسی مخالفین کو کچلنے میں مصروف ہے ملک میں اپنی بادشاہت کے خواب دیکھنے والے اللہ کے عذاب سے ڈریں صدا بادشاہی اللہ کی ہی ہے پی ٹی آئی کو دیوار سے لگانے کی کوشش کرنیوالے کبھی بھی اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے۔

تعلیم کے میدان میں تحصیل ظفروال کو ایک رول ماڈل دیکھنا چاہتا ہوں: چوہدری احمد اقبال

سب سے درخواست ہے کہ ظفروال میں ایجوکیشن ایمرجنسی کا نفاذ کریں: تاکہ تعلیم کا بول بالا اور ملک کا مستقبل روشن ہو

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق:- وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت پنجاب بیت المال کے خصوصی تعاون سے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ظفروال میں پیٹرن پبلک اکاؤنٹس کمیٹی احمد اقبال چوہدری اور اسسٹنٹ کمشنر ظفروال شبانہ نذیر نے 'امید نو ××× پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع پر پرائمری سکول کے بچوں میں جرسیاں موزے اور جوتے تقسیم کیے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری احمد اقبال نے کہا کہ صوبہ پنجاب خوشحالی ترقی اور فنڈز کے لحاظ سے تمام صوبوں سے بہتر ہے۔ چوہدری احمد اقبال نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ کے بہترین اور مثالی سکولوں اور شاندار سٹاف کے ہوتے ہوئے بھی لوگ اپنے بچوں کو پرائیویٹ سکولوں میں داخل کرواتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بھی تقریباً ایک کروڑ بچے صوبہ پنجاب سے سکولوں میں نہیں جاتے۔ انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ کے سکولوں کے بچوں کو کتابیں یونیفارم اور مفت تعلیم دینا ہماری ذمہ داری ہے۔ یہ بچے قوم کا مستقبل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے سب سے بڑے سکول سسٹم میں 60 ہزار سرکاری سکولوں کا 390 ارب روپے سرکاری سکول سسٹم کا تنخواہوں پر خرچ ہوتا ہے۔ چوہدری احمد اقبال نے کہا کہ سرکاری سکولوں میں بچوں کے داخلے کا رجحان بڑھانے کی اشد ضرورت ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ جب سرکاری اور پرائیویٹ تمام طبقہ مل کر اس پر توجہ دے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ بھی قابل غور بات ہے کہ زندگی کے ہر میدان میں بچیاں آگے بڑھ رہی ہیں جبکہ بچے پیچھے کو بھاگ رہے ہیں۔ بچیوں کے ساتھ ساتھ بچوں کا بھی میدان عمل میں لازوال کردار ادا کرنا انتہائی ضروری ہے۔

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن انتخابات صدر ڈسٹرکٹ بار نے پریس کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی

ساہیوال (مہراے ڈی لسیم سپراے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ملک سعید احمد کھلہ۔ نائب صدر



ایمن سرور ڈھکو لائبریری سیکرٹری رجب علی بلوچ۔ فنانس سیکرٹری ملک عامر شہزاد کھلہ۔ رانا عدیل اعجاز ایڈووکیٹ۔ پیر عاصم گیلانی ایڈووکیٹ اور دیگر وکلاء کی ساہیوال پریس کلب رجسٹرڈ آمد۔ پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کے ساتھ شہر اور ملک کی خدمت کے معاملات پر مشاورت اور باہمی تعاون کی یقین دہانی کروائی صدر ڈسٹرکٹ بار نے پریس کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور پھولوں کے ہار پہنائے۔

خوشیوں کے لمحات لازوال ہوتے ہیں: محمد عمر بٹ

سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) خوشیوں کے لمحات لازوال ہوتے ہیں۔ محمد عمر بٹ۔ سعد صفدر بٹ کی سالگرہ کیک قوت بیورو آفس میں کاٹا گیا۔ خواجہ عامر جاوید۔ روزنامہ قوت۔ ڈسٹرکٹ

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی خصوصی ہدایت پر روڈ سیفٹی اور ٹریفک آگاہی کے متعلق سیمینار



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی خصوصی ہدایت پر انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ ڈاکٹر شفقت رسول نے ڈی ایس پی ٹریفک ہیڈ کوارٹر مدثر صدیق کی زیر نگرانی گورنمنٹ اسلامیہ گریجویٹ کالج سمبڑیال میں روڈ سیفٹی اور ٹریفک آگاہی کے متعلق سیمینار سے خطاب کیا۔ جس میں طلباء کو روڈ کراسنگ کے متعلق معلومات دی گئیں۔ طلباء کو بتایا گیا کہ ہمیشہ دائیں بائیں دیکھ کر روڈ کراس کریں۔ ٹریفک قوانین کی پاسداری مہذب قوم کا شعار ہوتی ہے۔ بائیک چلاتے وقت ہیلمٹ کا استعمال کریں اور کسی بھی صورت تیز رفتاری یا غلط اوٹیکنگ نہ کریں کیونکہ یہ کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ ون ویلنگ ایک جان لیوا کھیل ہے جس کا انجام موت یا عمر بھر کی معزوری ہے۔ آپ کی محفوظ ڈرائیونگ سے حادثات میں کمی ممکن ہے۔ اس کے علاوہ طلباء کو پتنگ بازی سے منع کیا اور کہا کہ یہ ایسا قبیح فعل ہے جس سے سینکڑوں لوگوں کی جانیں جا چکی پتنگ بازی سے باز رہیں ورنہ سخت ترین قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

کرسچن کمیونٹی میں 570 چیکس تقسیم کئے: اے سی انم بابر

مسیحی برادری کیجانب سے اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ کا زبردست خیر مقدم



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر) کرسچن کمیونٹی میں 570 چیکس تقسیم کئے۔ اے سی انم بابر۔ مسیحی برادری کیجانب سے اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انم بابر کو پھول پیش کرتے ہوئے زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سیالکوٹ انتظامیہ کے تہہ دل سے مشکور ہیں جو ہمیں اتنی عزت کیساتھ ہر تہوار پر محبت کا اظہار کرتے ہوئے ہمارے دکھ درد و خوشیوں میں شامل ہوتے ہیں۔

دھی رانی پروگرام کے تحت ضلع ساہیوال میں 47 جوڑوں کی شادی کی پروقار تقریب کا انعقاد

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے دھی رانی پروگرام کے تحت ضلع ساہیوال میں 47 جوڑوں کی شادی کی پروقار



تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ اور ممبر قومی پیر عمران احمد شاہ ولی مہمانان خصوصی تھے۔ تقریب میں ممبران صوبائی اسمبلی ملک قاسم ندیم، ملک محمد ارشد، نوید اسلم خان لودھی، پیر ولائت شاہ کھگہ، کمشنر ساہیوال شعیب اقبال سید، ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ڈی جی سوشل ویلفیئر خواجہ ذیشان سکندر، ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عاصمہ نورین اور ڈپٹی ڈائریکٹر محمد عباس بھی موجود تھے۔ ہر شادی شدہ جوڑے کو 2 لاکھ روپے کا جہیز اور ایک لاکھ روپے سلامی دی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ دھی رانی پروگرام سماجی ترقی کا ایک اور تاریخی اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تقریب 'ریاست ہوگی ماں کی جیسی' کی عملی تصویر ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی طرف سے ہر جوڑے کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ نے ریاست کے تمام وسائل عام آدمی کے لئے وقف کر دیے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ سماجی بہبود کے لئے دوررس اقدامات اٹھائے۔

پیر طریقت رہبر شریعت استاذ العلماء شیخ الحدیث باباجی سرکار پیر سید منظور احمد شاہ بخاریؒ کا دوروزہ 16 واں سالانہ عظیم الشان عرس مبارک کا انعقاد



عارفوالا (نمائندہ قوت) جماعت اہلسنت پاکستان صوبہ پنجاب کے زیر اہتمام سجادہ نشین صوبائی امیر پنجاب صاحبزادہ پیر سید خلیل الرحمن شاہ بخاری کی سرپرستی اور پیر حافظ غلام قطب الدین کی صدارت میں پیر طریقت رہبر شریعت استاذ العلماء شیخ الحدیث باباجی سرکار پیر سید منظور احمد شاہ بخاریؒ کا دوروزہ 16 واں سالانہ عظیم الشان عرس مبارک کا انعقاد بمقام آستانہ عالیہ منظور العارفین ٹھیکواں شریف عارفوالا میں پہلی نشست تاجدار ختم نبوتؐ کانفرنس اور محفل حسن قراء و جلسہ معراج النبیؐ سے کیا گیا اس موقع پر علامہ محمد حامد سرفراز رضوی، علامہ محمد فاروق خاں سعیدی، پیر سید احمد کمال شاہ اور علامہ حافظ غلام محی الدین نقشبندی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عقیدہ ختم نبوتؐ کا تحفظ امت مسلمہ کا دینی فریضہ اور مشترکہ ذمہ داری ہے ختم نبوتؐ کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے حضرت ابوبکر صدیقؓ و دیگر صحابہ کرام نے عقیدہ ختم نبوتؐ کیلئے چودہ سو سال قبل عظیم قربانیاں دیں ختم نبوت کیلئے جدوجہد کرنے والا دنیا و آخرت میں سرخرو ہوگا عرس مبارک کی پہلی نشست میں پنجاب بھر سے آنے والے علماء کرام و مشائخ عظام اور زائرین نے کثیر تعداد میں شرکت کر کے روحانی

بجلی چور کسی رعایت کے مستحق نہیں: ایس ای فیسکو سرکل جھنگ

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) ایس ای فیسکو سرکل جھنگ مدثر علی شیخ نے کہا کہ بجلی چور کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں کی جارہی ہیں گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو محمد عامر کے احکامات کی روشنی میں سرکل بھر میں رواں ماہ کے دوران بجلی چوروں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 60 بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ لیا گیا ہے انہیں 1 لاکھ 81 ہزار یونٹس چارج کر کے 45 لاکھ 76 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے اور جملہ بجلی چوروں کے خلاف مختلف تھانوں میں مقدمات بھی درج کروا دیے گئے ہیں انہوں نے بتایا کہ جھنگ سرکل تین ڈویژنوں اور سولہ سب ڈویژنوں پر مشتمل ہے سرکل بھر میں بجلی چوری کے خاتمہ کے لیے مسلسل کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے مدثر علی شیخ نے مزید بتایا کہ اس عرصہ کے دوران جھنگ ڈویژن فرسٹ نے 28 بجلی چور، جھنگ ڈویژن سیکنڈ نے 14 اور سلطان باہو شور کوٹ ڈویژن کی جانب سے 18 بجلی چوروں کو پکڑا گیا ہے

کامیابی ملی تو مسائل کا حل کروں گا: میاں حیدر

میرے گروپ نے جس طرح مجھے عزت بخشی ہے اور امیدوار برائے صدر نامزد کیا ہے

دیپال پور (تحصیل رپورٹر) امیدوار برائے صدر سٹیمپ وینڈرز اینڈ ڈیڈ رائٹرسال 26.2025 ہر دلعزیز سیاسی و سماجی شخصیت میاں مجتبےٰ حیدر نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عزت دی تو اپنی یونین کے مسائل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرو گا انہوں نے کہا کہ میرے گروپ نے مجھے جس طرح مجھے عزت بخشی ہے اور امیدوار برائے صدر نامزد کیا ہے ان کے اعتماد پر ضرور پورا اتروں گا انہوں نے کہا کہ میں ثابت قدمی سے اپنے فیصلے پر قائم ہوں انہوں نے کہا کہ اسٹیمپ وینڈر اینڈ ڈیڈ رائٹر کے تمام ممبران وعہدیداران میرا مان ہے تمام دوستوں کو ساتھ لیکر چلوں گا انہوں نے کہا کہ تمام فیصلے باہمی مشاورت سے ہونگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیدوار جنرل سیکرٹری میاں کلیم اللہ ڈولہ، سابق صدر مرزا فاروق احمد سلفی، سابق جنرل سیکرٹری عبدالستار، چیف پیٹرن ڈاکٹر محمد شعبان، کمانڈر انچیف فوجی محمد اسلم، چیئرمین امیدوار کیٹی چوہدری غلام رسول، میاں فیاض پراچہ، امیدوار نائب صدر رائے احمد حسن، جوائنٹ سیکرٹری عاصم ریاض، فنانس سیکرٹری علی زین کی موجودگی میں بھرپور پریس کلب سے خطاب کرتے ہوئے کیا

ڈی پی او ننکانہ کا شہریوں کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری

ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس نے تھانہ صدر ننکانہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے وژن کے مطابق ڈی پی او ننکانہ کا شہریوں کو انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیئے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری۔ ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس نے تھانہ صدر ننکانہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ تفصیلات کے مطابق کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او نے شہریوں کی درخواستیں اور مسائل سنے اور موقع پر ہی فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او کا کہنا تھا کہ انصاف کی فراہمی کو میرٹ پر یقینی بنانے کے لیے شہریوں کی درخواستوں کے حل اور شکایات کا ازالہ میری اولین ترجیح ہے۔ شہری وہ تمام معلومات پولیس تک ضرور پہنچائیں جس سے جرائم کو روکنے میں مدد مل سکے۔ شہری جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی میں پولیس کیساتھ مشترکہ تعاون یقینی بنائیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ کھلی کچہری کا مقصد شہریوں کے ساتھ رابطہ مہم کو مضبوط بنانا ہے۔ کھلی کچہری کے دوران پی ایس او ٹو ڈی پی او رحمت بٹ، انچارج ڈسٹرکٹ کمپلینٹ سیل غلام حسین و دیگر بھی موجود تھے۔

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کا جائزہ اجلاس

اس موقع پر مجسٹریٹس کی جانب سے روزانہ کی کارکردگی کے حوالہ سے آگاہ کیا گیا



جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی روزانہ کی کارکردگی کے حوالہ سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں دیگر متعلقہ ضلعی افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر مجسٹریٹس کی جانب سے روزانہ کی کارکردگی کے حوالہ سے آگاہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مصنوعی اضافہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی روزانہ کی کارکردگی کو مانیٹر کیا جا رہا ہے۔ اس ضمن میں افسران پرائس کنٹرول میکنیزم کے تحت اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو مستحکم رکھنے کیلئے ٹھوس اور عملی اقدامات کریں۔ ڈپٹی کمشنر کی جانب سے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ہدایات جاری کی گئیں ہیں کہ وہ مصنوعی مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے ضمن میں روزانہ کی بنیاد پر کارروائیاں جاری رکھیں۔

بجلی چور اور نادہندگان قومی مجرم ہیں ان کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا: ایگزیکٹو انجینئر لیسکو



دیپال پور (تحصیل رپورٹر) ایگزیکٹو انجینئر لیسکو واپڈا احماد اللہ خان نے کہا ہے کہ بجلی چور اور نادہندگان قومی مجرم ہے ان کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا انہوں نے کہا کہ لیسکو واپڈا کے متعلقہ مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جا رہے ہے انہوں نے کہا کہ عوام بجلی چوروں کی نشاندہی کرے ان کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ کرپٹ اور بجلی چوری میں ملوث ملازمین کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا لیسکو واپڈا کی ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر بجلی چوروں کے خلاف سرگرم عمل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنیئر صحافی ڈاکٹر محمد شہباز سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ تحصیل بھر میں بجلی چوروں کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری ہے بجلی چوروں کے خلاف سیاسی اثر و رسوخ کو بلائے طاق رکھتے ہوئے قانونی کاروائیاں عمل میں لائی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ بجلی چوروں کے خلاف نا ختم ہونے والا آپریشن اور مقدمات کے اندراج بھی مسلسل کیے جارہے ہے انہوں نے کہا کہ حکومتی پالیسیوں کے مطابق نادہندگان کے کنکشن کاٹ دیئے جائے گے انہوں نے ماتحت عملے کو ہدایت کی کہ نادہندگان سے سرکاری وصولی ہر صورت ممکن بنائی جائے انہوں نے کہا کہ عوامی شکایات اور بجلی چوری میں ملوث ملازمین کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ قومی ادارے لیسکو واپڈا کے مفادات کا تحفظ پوری طاقت سے کیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ بجلی چوری کے خاتمے سے لائن لاسسز میں نمایاں کمی آئے گی

ضلع کے تمام لاری اڈوں کی بحالی، تعمیر نو اور خوبصورتی کے لیے منصوبے پر کام جاری ہے: ڈپٹی کمشنر

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راو نے کہا ہے کہ ضلع کے تمام لاری اڈوں کی بحالی، تعمیر نو اور خوبصورتی کے لیے منصوبے پر کام جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ روزانہ کی بنیاد پر لاری اڈوں کی صفائی یقینی بنائی جارہی ہے تاکہ مسافروں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ڈی سی ننکانہ محمد سلیم اختر راو نے کہا کہ شجر کاری، لائٹنگ، اور جدید آرائش کے ذریعے لاری اڈوں کی دلکشی میں اضافہ کیا جائے گا، مسافروں کے لیے آرام دہ انتظار گاہیں، صاف واش رومز، اور پینے کے پانی کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ پرانے انفراسٹرکچر کی بحالی کی جارہی ہے تاکہ لاری اڈوں کو جدید طرز پر ڈھالا جاسکے۔ اسکے ساتھ ساتھ تمام اسٹریٹ لائٹس کو فنکشنل کیا جارہا ہے تاکہ رات کے وقت روشنی کا مناسب انتظام ہو۔ ڈپٹی کمشنر نے مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی بہتری پر زور دیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ صفائی ستھرائی اور تعمیراتی کاموں کی سخت نگرانی کریں۔ ضلع کو خوبصورت اور ترقی یافتہ بنانے کی کوششوں میں تیزی لائی جائے۔ متعلقہ افسران نے ڈی سی ننکانہ کو یقین دلایا کہ لاری اڈوں کی بحالی سے مسافروں کو نہ صرف آرام دہ ماحول فراہم ہوگا بلکہ شہر کی خوبصورتی میں بھی نمایاں اضافہ ہوگا۔

سرکاری و نجی سکولز و کالجز میں طلباو طالبات صاف پانی سے محروم

جہلم (بیورو رپورٹ) سرکاری و نجی سکولز و کالجز میں طلبا و طالبات صاف پانی سے محروم، واٹر فلٹریشن پلانٹس غیر فعال، کئی دہائیاں قبل تعمیر کی گئیں پانی والی ٹینکیاں گندی و زنگ آلود، نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق شہر سمیت ضلع بھر میں معتدد سرکاری و نجی سکولز کالجز میں زیر تعلیم بچیاں اور بچوں کو صاف پانی کی فراہمی نہیں ہو رہی، گندے اور بغیر فلٹر پانی کی سپلائی نونہالوں کو کی جاتی ہے۔ کہ کم کار بوہائیڈریٹ وزن میں کمی اور انسولین کی سطح کو بہتر کرنے میں کم از کم تین دن 30 منٹ کی ورزش بارموز میں تبدیلی کو بہتر کرتی ہے ان خیالات کا اظہار خدیجہ مصطفےٰ کھرل نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اگر بیماری کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو اس سے بانجھ پن، دل کا مرض اور اوووری کینسر کا خطرہ بڑھ جاتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ غذائی علاج کیلئے ماہر غذائیات سے رجوع کریں اور بہتر غذا کا استعمال کریں۔

پولی سٹک اووری سنڈروم خواتین میں ایک عام بیماری ہے

عارفوالا (نامہ نگار) پولی سٹک اووری سنڈروم خواتین میں ایک عام بیماری ہے جس کی وجہ سے بارموز میں عدم توازن پیدا ہو جاتا ہے ایسی خواتین جو اس بیماری کا شکار ہوں ان میں حیض کی زیادتی یا کمی کی وجہ سے سر کے بالوں کا گرنا، غیر ضروری بالوں کا بڑھنا، وزن کا بڑھاؤ، ایکنی جلد کا سیاہ ہونے جیسی علامات ظاہر ہوتی ہیں پی سی اوایس بارموز کا مسئلہ 15 سے 44 سال کے دوران خواتین کو متاثر کرتا ہے پی سی اوایس کے لئے غذا کا موازنہ کرنے والے مطالعے سے معلوم ہوا ہے کہ کم کاربوہائیڈریٹ وزن میں کمی اور انسولین کی سطح کو بہتر کرنے میں کم از کم تین دن 30 منٹ کی ورزش بارموز میں تبدیلی کو بہتر کرتی ہے ان خیالات کا اظہار خدیجہ مصطفےٰ کھرل نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ اگر بیماری کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو اس سے بانجھ پن، دل کا مرض اور اوووری کینسر کا خطرہ بڑھ جاتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ غذائی علاج کیلئے ماہر غذائیات سے رجوع کریں اور بہتر غذا کا استعمال کریں۔

دکاندار کی من مانیاں، من چاہے نرخ مقرر، سرکاری نرخوں کے بغیر فروخت جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) سردیوں کی سوغات خشک میوہ جات نرخ ساتویں آسمان کی بلندیوں کو چھونے لگے ہر دکاندار کی من مانیاں من چاہے نرخ مقرر سرکاری نرخوں کے بغیر فروخت، بادام، کاجو، پستہ، اخروٹ، چلغوزہ، خشمش، کھجور، مونگ پھلی، انجیر، اس دفعہ کھانے کی بجائے دیکھنے کو ملی خشک میوہ جات کے نرخ سنتے ہی شہری استغفار کا ورد کرتے ہوئے تیزی کے ساتھ دکانوں سے روانہ ہوجاتے ہیں، شہر کے وسط شاندار چوک کے چوراہوں گلی محلوں اور مین راستوں پر دکانوں، ریڑھیوں پر خشک میوہ جات انتہائی مہارت کے ساتھ سجائے گے ہیں جس پر گاہکوں سے من چاہے نرخ وصول کیے جانے لگے، انتظامیہ کی خاموشی سوالیہ نشان بن چکی ہے دکانداروں نے خود ساختہ ریٹ مقرر کر رکھے ہیں اور شہریوں سے من مانے ریٹ وصول کیے جارہے ہیں

عمران خان کو بے گناہ قید کیا ہوا ہے: شوکت علی ایڈووکیٹ

سیاسی انتقامی کارروائی کی جارہی ہے، عدت نکاح جیسا گھٹیا کیس دوبارہ کھولا جارہا ہے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تحریک انصاف چنیوٹ کے صدر ٹکٹ ہولڈر پی پی 95 میاں شوکت علی صہیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ تنگ ٹاکر وزیر اعلیٰ پنجاب تجاوزات کے نام پر غریب عوام کو دن بدن پریشان کر رہی ہے۔ اور غریب عوام کے کاروبار تباہ کیے جارہے ہیں۔ عوام کا حقیقی لیڈر عمران خان جو کہ پی ڈی ایم ٹولے نے بے گناہ جیل میں بند کیا ہوا ہے، سیاسی انتقامی کارروائی کی جارہی ہے، عدت نکاح جیسا گھٹیا کیس دوبارہ کھولا جارہا ہے، ہمارے لیڈر کا صرف اتنا قصور ہے کہ وہ اپنے ملک اور قوم کے ساتھ کھڑا ہے۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ پر آرٹیکل 6 کی کارروائی کرنی چاہیے، کیونکہ اس کے غیر منصفانہ فیصلوں کی وجہ سے پاکستان تحریک انصاف اور ملک کو نقصان ہوا۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے پی ٹی آئی وفد کے ہمراہ پی ٹی آئی رہنما محترمہ صنم جاوید سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں ٹکٹ ہولڈر پی پی 96 مہر محمد حسین چیمہ، محترمہ رضیہ سلطانہ بھٹی اور اسد خٹک موجود تھے۔ انشاءاللہ ہم اپنے قائد عمران خان کے حکم پر 8 فروری کو پوری تیاری کے ساتھ باہر نکلیں گے۔

عوامی پریس کلب مرید کے الیکشن مکمل، چیئرمین سپریم کونسل اے حمید جہلمی چیئرمین جنرل باڈی قمر منیر صدر رانا محمد عرفان جنرل سیکرٹری شیخ عمران صدیق منتخب

مرید کے (تحصیل رپورٹر) عوامی پریس کلب مرید کے الیکشن 2025/26 انتخابات مکمل چیئرمین سپریم کونسل اے حمید جہلمی چیئرمین جنرل باڈی قمر منیر صدر رانا محمد عرفان جنرل سیکرٹری شیخ عمران صدیق منتخب، تفصیلات کے مطابق عوامی پریس کلب تحصیل مرید کے کے سال 2025/26 کے انتخابات 26 جنوری

2025 بروز اتوار منعقد ہوئے جس میں 20 ممبران نے حصہ لیا چیئرمین سپریم کونسل اے حمید جہلمی نے 100٪ ووٹ حاصل کیے چیئرمین کی سیٹ قمر منیر نے 60٪ ووٹ لے کر سیٹ اپنے نام کی، رانا محمد عرفان صدر منتخب جنہوں نے 80٪ ووٹ حاصل کر کے جیت اپنے نام کی نمائندہ روزنامہ پاکستان شیخ عمران صدیق کے 70٪ ووٹ حاصل کر کے جنرل سیکرٹری منتخب الیکشن کے فرائض بانی و سرپرست پریس کلب محمد ساجد مغل اور اے حمید جہلمی نے ادا کیے مہمان خصوصی جناب ملک شبیر احمد جنویر احمد عطاری، ڈاکٹر عظیم عمر بٹ تشریف فرما تھے الیکشن میں ممبران نے بھرپور حصہ لیا۔ ممبران میں، میاں جنویر احمد میاں مبشر، میاں ظہیر محمد ساجد مغل رائس پاکستان، اے حمید جہلمی، رانا محمد عرفان، ڈاکٹر قمر منیر، ڈاکٹر اجمل ملک، میاں محمد ریاض، ڈاکٹر قیصر مبارک، عطا المصطفےٰ شیخ عمران صدیق بھرم علی بھٹی، طارق منہاس جنویر احمد طارق، رانا نازمان، میاں محمد جمیل، رومی شاہ، عمران واحد شیرازی، رانا افضال احمد نے اپنا اپنا ووٹ کاسٹ کیا۔ انتخابات کے شفاف انعقاد پر اور جی

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

3 کارروائیوں میں 30 خوارج ہلاک، 16 گرفتار

سکیورٹی فورسز نے خیبر پی کے میں تین علیحدہ علیحدہ کارروائیوں میں 30 خوارج کو ہلاک کر دیا جبکہ 16 کو گرفتار کیا گیا۔ان میں کچھ شدید زخمی بھی ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہلاک ہونے والے خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا جبکہ مارے جانے والے دہشت گرد معصوم شہریوں کے قتل میں ملوث تھے۔ دہشت گردی کو جڑوں سے ختم کرنے اور دہشت گردوں کو نابود کرنے کے لیے اپریشن کا دائرہ کار ملک بھر میں پھیلایا گیا۔ محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے پنجاب کے مختلف شہروں میں آپریشنز کے دوران 10 دہشت گردوں کو گرفتار کیا ہے۔ یہ دہشت گردی اور سہولت کاری میں ملوث تھے۔ سی ٹی ڈی پنجاب نے ان کے خلاف آپریشنز لاہور، راولپنڈی، شیخوپورہ، میانوالی، سرگودھا، فیصل آباد میں کیئے۔ راولپنڈی سے فتنہ الخوارج کے 3 جبکہ لاہور سے ایک خطرناک دہشت گرد کو گرفتار کیا گیا۔ زیر حراست دہشت گردوں کی شناخت حافظ محمد رفیق، اکبر، زین اللہ، اویس احمد، احسان، سجاد، لقمان اور پختون خواہ اور بلوچستان میں حالیہ دنوں دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر ان کی کارروائیوں سے قبل آپریشن کر کے ان کو ہلاک کر دیا گیا یا گرفتار کر لیا گیا۔ ملک بھر میں سیکیورٹی ادارے کو مبنگ آپریشن جاری رکھے ہوئے ہیں۔

پارلیمنٹرینز کی تنخواہ میں 140 فیصد اضافہ



پارلیمنٹرینز کی تنخواہوں میں 140 فیصد اور مراعات میں اضافہ، اسپیکر قومی اسمبلی، ایاز صادق کی سربراہی میں قومی اسمبلی کی فنانس کمیٹی نے ایم این اے اور سینیٹر کی ماہانہ تنخواہ 2 لاکھ 18 ہزار روپے سے بڑھا کر 5 لاکھ 19 ہزار روپے کرنے کی متفقہ منظوری دیدی ہے، باخبر ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے 67 اراکین نے تنخواہوں میں اضافے کا تحریری مطالبہ کیا تھا جبکہ تنخواہوں اور مراعات میں اضافے کے معاملے پر پاکستان پیپلز پارٹی، پاکستان مسلم لیگ ن سمیت دیگر جماعتیں بھی یک زبان ہیں۔ تمام کٹوتیوں کے بعد وفاقی سیکرٹری کی تنخواہ اور الاؤنسز 5 لاکھ 19 ہزار ماہانہ ہیں، حالیہ منظوری کے مطابق اراکین پارلیمنٹ کو تنخواہ، مراعات اور دیگر سہولیات بھی وفاقی سیکرٹری کے مساوی حاصل ہونگی، خبر ہے کہ اراکین پارلیمنٹ نے تنخواہ 10 لاکھ روپے ماہانہ کا مطالبہ کیا تھا جسے اسپیکر قومی اسمبلی نے مسترد کر کے سینیٹ اور قومی اسمبلی کے اراکین کی تنخواہوں میں 140 فیصد اضافے کی سفارشات وزیر اعظم کو بھجوا دیں ہیں، وزیر اعظم کی منظوری کے بعد تنخواہوں میں اضافے کا معاملہ دونوں ایوانوں کی متعلقہ قائمہ کمیٹیوں میں بھیجا جائیگا جو یقیناً منظور کر لیا جائے گا۔ واضح رہے کہ دسمبر 2024ء میں پنجاب اسمبلی میں عوام کے منتخب نمائندوں نے اپنی تنخواہوں پر نظر ثانی بل 2024ء منظور کیا تھا جس کے بعد ایم پی اے کی تنخواہ 76 ہزار سے 4 لاکھ روپے اور وزیر کی تنخواہ ایک لاکھ سے بڑھا کر 9 لاکھ 60 ہزار کر دی گئی تھی، اسی طرح ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی کی تنخواہ ایک لاکھ 20 ہزار روپے سے بڑھا کر 7 لاکھ 75 ہزار روپے کر دی گئی تھی، پارلیمانی سیکریٹری کی تنخواہ 83 ہزار روپے سے بڑھا کر 4 لاکھ 51 ہزار جبکہ وزیر اعلیٰ کے مشیر کی تنخواہ ایک لاکھ روپے سے بڑھا کر 6 لاکھ 65 ہزار روپے کر دی گئی تھی، وزیر اعلیٰ پنجاب کے معاون خصوصی کی تنخواہ بھی ایک لاکھ روپے سے بڑھا کر 6 لاکھ 65 ہزار روپے کی گئی تھی۔ مہنگائی اور حکمران طبقے کی شاہانہ زندگی کو دیکھا جائے تو ایم این اے اور سینیٹر کی ماہانہ تنخواہ 2 لاکھ 18 ہزار روپے اور ایم پی اے کی تنخواہ 76 ہزار نہ ہونے کے برابر تھی، ایم این اے اور سینیٹر کی تنخواہ 5 لاکھ 19 ہزار اور ایم پی اے کی تنخواہ 4 لاکھ کرنا عام عوام کی نظر میں تو بہت بڑا اضافہ ہے جبکہ شاندار محلات، بڑی بڑی گاڑیوں، آگے پیچھے ملازمین کی قطاریں اور ڈیرہ داری نظام کے اخراجات دیکھیں تو 5 یا 4 لاکھ روپے کی کوئی حیثیت نہیں۔ صرف ایک سیدھے اور سادہ سوال کے بعد آگے بات کرتے ہیں، میرے اور آپ کے پسندیدہ سیاستدان ذاتی مراعات اور تنخواہوں کے معاملے پر یک زبان ہو سکتے ہیں تو عوامی مسائل کے حل اور ملک کو معاشی مشکلات سے نکالنے کیلئے اکھٹے کیوں نہیں ہو سکتے؟ مہنگائی کی چکی میں پسے مقروض ملک کے بے روزگار، تنخواہ دار اور مزدور عوام کے منتخب نمائندوں کو تنخواہ 5 اور 4 لاکھ روپے اور دیگر مراعات حاصل ہو سکتی ہیں تو سوچیں خوشحال اور ترقی کرتے ملک کے عوام اپنے حکمرانوں کو مزید کیا کچھ دے سکتے ہیں؟ موجودہ حالات میں تو غریب عوام پر امیر حکمرانوں کے اخراجات بہت بڑا بوجھ معلوم ہوتے ہیں، طبقاتی تقسیم اور معاشی ناہمواری سنگین مسئلہ ہے، جس کا سب سے زیادہ اثر غریب عوام پر پڑتا ہے، معاشرے میں امیر طبقہ اپنے پرتعیش، شاہانہ طرز زندگی، غیر ضروری اخراجات اور وسائل کے غلط استعمال سے نہ صرف خود فائدہ اٹھاتا ہے بلکہ امیروں کے اخراجات کا بوجھ غریب طبقے کے وسائل اور امکانات کو مزید محدود کر دیتا ہے، امیروں کے اخراجات کا بوجھ کیسے غریب عوام پر پڑتا ہے؟ امیروں کی عیش و عشرت اور کاروباری مفادات کو برقرار رکھنے کے لیے حکومت نے ٹیکسوں کے نظام کو غریب عوام پر نافذ کر دیا گیا ہے، اشیاء کی قیمتوں، بجلی اور گیس پر لگنے والے ٹیکسز کا زیادہ تر اثر غریب طبقے پر پڑتا ہے جو اپنی معمولی آمدنی سے بنیادی ضروریات زندگی پوری کرتے ہیں، بااختیار طبقہ اور بڑی کمپنیاں قانونی اور غیر قانونی طریقوں سے کم ٹیکس ادا کرتے ہیں جبکہ غریب عوام پر اضافی ٹیکس کا بوجھ ڈال دیا گیا ہے۔ وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم کے نتیجے میں امیروں کے پرتعیش طرز زندگی کے لیے زیادہ وسائل مختص کیے جاتے ہیں جبکہ غریب عوام غذا، تعلیم، صحت، رہائش اور روزگار جیسی بنیادی ضروریات سے محروم رہتے ہیں، مراعات یافتہ طبقہ ایسا سماجی، معاشی گروہ بن چکا ہے جو عام عوام کی نسبت بہتر وسائل، اختیارات اور مراعات کا حامل ہے یہ طبقہ معاشرے میں مختلف عوامل کی بنیاد پر تشکیل پاتا ہے، جن میں دولت، طاقت، تعلیم، سیاسی رسوخ، اور خاندانی حیثیت شامل ہیں، مراعات یافتہ طبقہ مواقع اور وسائل تک رسائی رکھتا ہے جو دوسرے افراد یا طبقات کے لیے محدود یا ناقابل رسائی ہوتے ہیں اور اکثر قانون سازی اور حکومتی پالیسیوں پر اثر انداز ہوتا ہے تاکہ اپنے مفادات کا تحفظ کر سکے۔ اعلیٰ معیار کے تعلیمی اداروں تک رسائی مراعات یافتہ طبقے کی پہچان ہے جہاں ان کیلئے بڑے عہدوں، بڑے کاروبار اور بہتر ملازمتوں کے مواقع کی راہ ہموار ہوتی ہے، مراعات یافتہ طبقہ نہ صرف اپنے لیے وسائل اور مراعات کے مواقع پیدا کرتا ہے بلکہ دیگر طبقات کی ترقی میں رکاوٹ بھی بنتا ہے، وسائل پر قابض ہو کر عدم مساوات کو فروغ دیتا ہے، انصاف کے نظام کو کمزور کرتا ہے، عام افراد کی ترقی کے مواقع محدود کرتا ہے۔ یہاں تک کہ مراعات یافتہ حکمران طبقہ عام عوام کو تعلیم اور صحت کی بہتر سہولیات سے اس لئے بھی محروم رکھتا ہے کہ غریب لوگ تعلیم، شعور اور اچھی صحت کے حامل ہو گئے تو اُن سے سوال کر سکتے ہیں، اپنے حقوق کیلئے جدوجہد کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں یہ سمجھنے کے قابل ہو سکتے ہیں کہ ملکی ترقی کے نام پر لیے گئے قرضے اکثر امیروں کی عیاشیوں پر خرچ ہوتے ہیں جبکہ ان قرضوں کی واپسی کے لیے عوام پر مہنگائی اور ٹیکسوں کا بوجھ ڈال دیا جاتا ہے۔ امیر طبقہ اکثر حکومتی منصوبوں میں بدعنوانی کرتا ہے جس سے ترقیاتی منصوبے ناکام ہو جاتے ہیں جن کا نقصان عوام کو اٹھانا پڑتا ہے، بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے لیے گئے قرضوں کی واپسی کے لیے مہنگائی اور عوامی سہولیات میں کٹوتی کی جاتی ہے جس سے غریب طبقہ مزید مشکلات کا شکار ہو جاتا ہے، امیر طبقہ مہنگے نجی تعلیمی اور صحت کے اداروں سے فائدہ اٹھاتا ہے، جبکہ سرکاری ادارے فنڈز کی کمی کی وجہ سے غریب عوام کی ضروریات پوری کرنے میں ناکام رہتے ہیں، امیر طبقے کے لیے مہنگے اور معیاری تعلیمی ادارے دستیاب ہیں، جبکہ غریب طبقہ ناقص تعلیمی نظام میں پھنسا رہتا ہے، جس سے وہ ترقی کے مواقع سے محروم رہتا ہے۔ امیر طبقے کی بڑھتی ہوئی طلب اور عیش و عشرت کی زندگی مہنگائی کو بڑھاتی ہے، جو غریب عوام کی قوت خرید کو متاثر کرتی ہے، امیر اور غریب کے درمیان فرق بڑھتا ہے جس سے معاشرے میں احساس محرومی اور نفرت جنم لیتی ہے، وسائل کی غیر مساوی تقسیم اور امیروں کے اخراجات کا بوجھ غریب عوام کو غربت کے دائرے سے نکلنے نہیں دیتا۔ جس دن کیڑے مکوڑوں کی طرح زندگی گزارنے والے عوام یہ سمجھ گئے کہ حکمران اُن کا جسم نوچ کر اپنی نسلوں کیلئے عیاشیوں کا انتظام کرتے ہیں، غریب کو جان بوجھ کر بنیادی ضروریات زندگی سے محروم رکھتے ہیں اُس دن یہ کیڑے مکوڑے مراعات یافتہ طبقے کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کرنے کے قابل ہو جائیں گے اور یہی حکمران طبقہ نہیں چاہتا۔ ملک و قوم کے تمام معاملات میں اختلاف رکھنے اور ہر وقت لڑنے جھگڑنے والے ذاتی مراعات اور تنخواہوں کے معاملے پر کیسے یک زبان ہو جاتے ہیں!

معراج نبی ﷺ کے لامحدود پیغامات

تحریر: محمد ظفر اقبال جلالی

جب ہم واقعہ معراج کو گہری نظر سے مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں اس سے بے شمار اور لامحدود پیغامات ملتے ہیں اور اس سے حاصل ہونے والے اسباق ان گنت ہیں، اس واقعہ سے حاصل ہونے والے چند اسباق سطورِ ذیل میں پیش کئے جاتے ہیں؛ تاکہ نگاہِ عبرت رکھنے والے اہلِ ایمان ان سے فائدہ اٹھائیں: (1)۔ طائف میں ستانے والے کفار اور مکہ میں ٹھکرانے والے مشرکین پر اس واقعہ کے ذریعہ واضح کر دیا گیا کہ تم نے نبی پر زمین کے دروازے بند کر دیئے تو اللہ نے ان کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیئے۔ تم نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امامت واقتدا کو قبول نہ کیا تو اللہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے انبیاء علیہم السلام کی امامت کروائی اور سب نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتدا کی، اہلِ زمین نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منہ پھیرا تو آسمان والے نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا استقبال کیا۔ (2)۔ دینِ حق کا داعی جب ستایا جاتا ہے اور وہ لوگوں کی اذیتوں کے باوجود اپنے کام میں لگا رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ کائنات کی ساری طاقتوں کو اس کے لئے مسخر کر دیتے ہیں، واقعہ معراج میں ساری کائنات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے مسخر کر دی گئی، حتیٰ کہ زمان و مکان بھی مسخر کر دیئے گئے۔ (3)۔ واقعہ معراج سے آخرت جنت و دوزخ اور وہاں کی نعمتوں اور تکلیفوں کا یقینی ہونا معلوم ہوتا ہے، اس لئے کہ اللہ نے اس واقعہ میں اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جنت و دوزخ کی سیر کرائی اور اہلِ جنت اور اہلِ دوزخ کے حالات کا مشاہدہ کروایا۔ (4)۔ واقعہ معراج سے دین اسلام اور پیغمبر اسلام کی رفعت شان کا اظہار ہوتا ہے کہ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسے مقام پر پہنچایا جہاں تک نہ کوئی پیغمبر جا سکا اور نہ ہی کوئی مقرب فرشتہ، سارے نبیوں میں یہ اعزاز صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی حاصل ہوا، حتیٰ کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام بھی پیچھے رہ گئے، اللہ نے نبیوں کی امامت کروا کر ساری انسانیت پر واضح کر دیا کہ اب سب کے مقتدا صرف نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تختِ تکالیف سے گزارا گیا پھر معراج کے ذریعہ آسانیوں کا سلسلہ شروع ہوا، ایک مسلمان کو پے در پے آنے والی دشواریوں سے مایوس نہیں ہونا چاہئے۔ (11)۔ واقعہ معراج نماز کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، تمام فرائض میں نماز ایک مہتم بالشان فریضہ ہے، سارے فرائض زمین پر فرض کئے گئے لیکن نماز کا تحفہ آسمان پر دیا گیا، نماز مومن کی معراج ہے، حالتِ نماز میں بندہ گویا اللہ سے ہم کلام ہوتا ہے۔ (12)۔ واقعہ معراج قیادت کی تبدیلی اور اس بات کا اشارہ ہے کہ عالمی قیادت بنی اسحاق کے ہاتھوں سے لے کر بنی اسماعیل کے حوالے کر دی گئی، مسجد اقصیٰ میں انبیاء علیہم السلام کی امامت اس بات کا لطیف اشارہ ہے کہ اب حضرت موسیٰ علیہ السلام و حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قوموں کے لئے نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں، اب پچھلی ساری شریعتیں منسوخ ہو چکی ہیں اور ساری قوموں کو آخری پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تابع ہونا پڑے گا۔ (13)۔ واقعہ معراج اس بات کی بھی غمازی کرتا ہے کہ دنیا دار المحن ہے، یہاں انسان کو قدم قدم پر تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معراج سے پہلے قدم قدم پر مشقتوں کا سامنا کیا اس کے برخلاف عالم بالا اور عالم آخرت ایک مسلمان کے لئے راحت کا حقیقی مقام ہے، اس لئے دار المحن میں پیش آنے والی تکلیفوں پر آزردہ خاطر نہ ہونا چاہئے، یہاں کی چند روزہ تکلیفوں کو برداشت کرتے ہوئے دین پر قائم رہیں گے تو ہمیشہ کی راحتیں حاصل ہوں گی۔ جب ہم واقعہ معراج کو گہری نظر سے مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں اس سے بے شمار اور لامحدود پیغامات ملتے ہیں اور اس سے حاصل ہونے والے اسباق ان گنت ہیں، اس واقعہ سے حاصل ہونے والے چند اسباق سطورِ ذیل میں پیش کئے جاتے ہیں؛ تاکہ نگاہِ عبرت رکھنے والے اہلِ ایمان ان سے فائدہ اٹھائیں: (1)۔ طائف میں ستانے والے کفار اور مکہ میں ٹھکرانے والے مشرکین پر اس واقعہ کے ذریعہ واضح کر دیا گیا کہ تم نے نبی پر زمین کے دروازے بند کر دیئے تو اللہ نے ان کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیئے۔ تم نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امامت واقتدا کو قبول نہ کیا تو اللہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے انبیاء علیہم السلام کی امامت کروائی اور سب نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتدا کی، اہلِ زمین نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منہ پھیرا تو آسمان والے نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا استقبال کیا۔ (2)۔ دینِ حق کا داعی جب ستایا جاتا ہے اور وہ لوگوں کی اذیتوں کے باوجود اپنے کام میں لگا رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ کائنات کی ساری طاقتوں کو اس کے لئے مسخر کر دیتے ہیں، واقعہ معراج میں ساری کائنات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے مسخر کر دی گئی، حتیٰ کہ زمان و مکان بھی مسخر کر دیئے گئے۔ (3)۔ واقعہ معراج سے آخرت جنت و دوزخ اور وہاں کی نعمتوں اور تکلیفوں کا یقینی ہونا معلوم ہوتا ہے، اس لئے کہ اللہ نے اس واقعہ میں اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جنت و دوزخ کی سیر کرائی اور اہلِ جنت اور اہلِ دوزخ کے حالات کا مشاہدہ کروایا۔ (4)۔ واقعہ معراج سے دین اسلام اور پیغمبر اسلام کی رفعت شان کا اظہار ہوتا ہے کہ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسے مقام پر پہنچایا جہاں تک نہ کوئی پیغمبر جا سکا اور نہ ہی کوئی مقرب فرشتہ، سارے نبیوں میں یہ اعزاز صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی حاصل ہوا، حتیٰ کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام بھی پیچھے رہ گئے، اللہ نے نبیوں کی امامت کروا کر ساری انسانیت پر واضح کر دیا کہ اب سب کے مقتدا صرف نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین سارے دینوں پر غالب ہے۔ (5)۔ واقعہ معراج قبلہ اول بیت المقدس کے سلسلہ میں ہمیں اپنی ذمہ داریوں کا احساس دلاتا ہے، یہیں سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج نصیب ہوئی اور یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور سارے مسلمانوں کا قبلہ اول ہے، جہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سارے نبیوں کی امامت فرمائی، حضرت عمر ؓ نے معراج کے اس سبق کو یاد رکھا اور اس کے تقاضوں پر عمل کرتے ہوئے بیت المقدس کو آزاد کرایا، لیکن افسوس موجودہ دور کے مسلمان بیت المقدس کی آزادی اور قبلہ اول کی یازیابی سے بالکلیہ غافل ہیں، یہودی آئے دن اس کی توہین کر رہے ہی اور اس کے صحن میں موسیقی کی محفلیں منعقد کر رہے ہیں اور اسے ڈھانے کی ساری تدبیریں مکمل کر چکے ہیں، لیکن عالم اسلام غفلت سے دوچار ہے۔ (6)۔ واقعہ معراج بتاتا ہے کہ داعی اگر اپنی دعوت میں ثابت قدم رہے تو آخر کار خدا اس کا حامی و مددگار بن جاتا ہے، خدا اپنے داعیوں کو آزماتا ضرور ہے مگر بے یار و مددگار نہیں چھوڑتا، داعی کو دعوت کی راہ میں پیش آنے والی تکلیفوں سے مایوس نہیں ہونا چاہئے۔ اللہ کی مدد ضرور آئے گی۔ (7)۔ واقعہ معراج ہمیں اس بات کا بھی پیغام دیتا ہے کہ ہم روحانی طور پر اس قدر عروج کریں کہ ہمیں وصول الی اللہ کی دولت حاصل ہو جائے، موجودہ دور روح سے بے اعتنائی کا دور ہے، اس وقت ساری توانائیاں صرف جسم کو سنوارنے پر جھونکی جا رہی ہیں، مادیت کا اس قدر تسلط ہے کہ روحانی اقدار قصہ پارینہ بن کر رہ گئیں، معراج دراصل ظلمت سے نور کی جانب اور شک سے یقین کی جانب اور معصیت سے اطاعت کی جانب سفر ہے، یہاں نور ہی نور ہے اور طاعت ہی طاعت ہے، ظلمت و معصیت کا دور دور تک گزر نہیں ہے۔ (8)۔ معراج کا واقعہ بتاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بے پناہ مہربان ہے، اسی مہربانی کا نتیجہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے پچاس نمازوں کو کم کر کے پانچ مقرر فرمائی اور کبیرہ گناہ کرنے والا موت سے پہلے سچی توبہ کر لے تو اس کے گناہوں کی مغفرت کا اعلان فرمایا۔ (9)۔ واقعہ معراج استقامت اور ثبات قدمی کا پیغام دیتا ہے کہ دین کی راہ میں کیسی ہی دشوار گھاٹیاں آئیں مسلمان کو ثابت قدم رہنا چاہئے، جس طرح نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر معراج سے پہلے انتہائی دشوار گھاٹیاں آئیں مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پائے ثبات میں کسی طرح کا تزلزل نہ آیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعوت دین پر ثابت قدم رہے۔ (10)۔ کائنات میں اللہ تعالیٰ کا ضابطہ یہ ہے کہ ہر مشکل کے بعد آسانی ہوتی ہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تخت تکالیف سے گزارا گیا پھر معراج کے ذریعہ آسانیوں کا سلسلہ شروع ہوا، ایک مسلمان کو پے در پے آنے والی دشواریوں سے مایوس نہیں ہونا چاہئے۔ (11)۔ واقعہ معراج نماز کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، تمام فرائض میں نماز ایک مہتم بالشان فریضہ ہے، سارے فرائض زمین پر فرض کئے گئے لیکن نماز کا تحفہ آسمان پر دیا گیا، نماز مومن کی معراج ہے، حالتِ نماز میں بندہ گویا اللہ سے ہم کلام ہوتا ہے۔ (12)۔ واقعہ معراج قیادت کی تبدیلی اور اس بات کا اشارہ ہے کہ عالمی قیادت بنی اسحاق کے ہاتھوں سے لے کر بنی اسماعیل کے حوالے کر دی گئی، مسجد اقصیٰ میں انبیاء علیہم السلام کی امامت اس بات کا لطیف اشارہ ہے کہ اب حضرت موسیٰ علیہ السلام و حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قوموں کے لئے نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں، اب پچھلی ساری شریعتیں منسوخ ہو چکی ہیں اور ساری قوموں کو آخری پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تابع ہونا پڑے گا۔ (13)۔ واقعہ معراج اس بات کی بھی غمازی کرتا ہے کہ دنیا دار المحن ہے، یہاں انسان کو قدم قدم پر تکالیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے معراج سے پہلے قدم قدم پر مشقتوں کا سامنا کیا اس کے برخلاف عالم بالا اور عالم آخرت ایک مسلمان کے لئے راحت کا حقیقی مقام ہے، اس لئے دار المحن میں پیش آنے والی تکلیفوں پر آزردہ خاطر نہ ہونا چاہئے، یہاں کی چند روزہ تکلیفوں کو برداشت کرتے ہوئے دین پر قائم رہیں گے تو ہمیشہ کی راحتیں حاصل ہوں گی۔ جب ہم واقعہ معراج کو گہری نظر سے مطالعہ کرتے ہیں تو ہمیں اس سے بے شمار اور لامحدود پیغامات ملتے ہیں اور اس سے حاصل ہونے والے اسباق ان گنت ہیں، اس واقعہ سے حاصل ہونے والے چند اسباق سطورِ ذیل میں پیش کئے جاتے ہیں؛ تاکہ نگاہِ عبرت رکھنے والے اہلِ ایمان ان سے فائدہ اٹھائیں: (1)۔ طائف میں ستانے والے کفار اور مکہ میں ٹھکرانے والے مشرکین پر اس واقعہ کے ذریعہ واضح کر دیا گیا کہ تم نے نبی پر زمین کے دروازے بند کر دیئے تو اللہ نے ان کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیئے۔ تم نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امامت واقتدا کو قبول نہ کیا تو اللہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے انبیاء علیہم السلام کی امامت کروائی اور سب نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتدا کی، اہلِ زمین نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منہ پھیرا تو آسمان والے نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا استقبال کیا۔ (2)۔ دینِ حق کا داعی جب ستایا جاتا ہے اور وہ لوگوں کی اذیتوں کے باوجود اپنے کام میں لگا رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ کائنات کی ساری طاقتوں کو اس کے لئے مسخر کر دیتے ہیں، واقعہ معراج میں ساری کائنات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے مسخر کر دی گئی، حتیٰ کہ زمان و مکان بھی مسخر کر دیئے گئے۔ (3)۔ واقعہ معراج سے آخرت جنت و دوزخ اور وہاں کی نعمتوں اور تکلیفوں کا یقینی ہونا معلوم ہوتا ہے، اس لئے کہ اللہ نے اس واقعہ میں اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جنت و دوزخ کی سیر کرائی اور اہلِ جنت اور اہلِ دوزخ کے حالات کا مشاہدہ کروایا۔ (4)۔ واقعہ معراج سے دین اسلام اور پیغمبر اسلام کی رفعت شان کا اظہار ہوتا ہے کہ اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسے مقام پر پہنچایا جہاں تک نہ کوئی پیغمبر جا سکا اور نہ ہی کوئی مقرب فرشتہ، سارے نبیوں میں یہ اعزاز صرف آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی حاصل ہوا، حتیٰ کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام بھی پیچھے رہ گئے، اللہ نے نبیوں کی امامت کروا کر ساری انسانیت پر واضح کر دیا کہ اب سب کے مقتدا صرف نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین سارے دینوں پر غالب ہے۔ (5)۔ واقعہ معراج قبلہ اول بیت المقدس کے سلسلہ میں ہمیں اپنی ذمہ داریوں کا احساس دلاتا ہے، یہیں سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج نصیب ہوئی اور یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور سارے مسلمانوں کا قبلہ اول ہے، جہاں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سارے نبیوں کی امامت فرمائی، حضرت عمر ؓ نے معراج کے اس سبق کو یاد رکھا اور اس کے تقاضوں پر عمل کرتے ہوئے بیت المقدس کو آزاد کرایا، لیکن افسوس موجودہ دور کے مسلمان بیت المقدس کی آزادی اور قبلہ اول کی یازیابی سے بالکلیہ غافل ہیں، یہودی آئے دن اس کی توہین کر رہے ہی اور اس کے صحن میں موسیقی کی محفلیں منعقد کر رہے ہیں اور اسے ڈھانے کی ساری تدبیریں مکمل کر چکے ہیں، لیکن عالم اسلام غفلت سے دوچار ہے۔ (6)۔ واقعہ معراج بتاتا ہے کہ داعی اگر اپنی دعوت میں ثابت قدم رہے تو آخر کار خدا اس کا حامی و مددگار بن جاتا ہے، خدا اپنے داعیوں کو آزماتا ضرور ہے مگر بے یار و مددگار نہیں چھوڑتا، داعی کو دعوت کی راہ میں پیش آنے والی تکلیفوں سے مایوس نہیں ہونا چاہئے۔ اللہ کی مدد ضرور آئے گی۔ (7)۔ واقعہ معراج ہمیں اس بات کا بھی پیغام دیتا ہے کہ ہم روحانی طور پر اس قدر عروج کریں کہ ہمیں وصول الی اللہ کی دولت حاصل ہو جائے، موجودہ دور روح سے بے اعتنائی کا دور ہے، اس وقت ساری توانائیاں صرف جسم کو سنوارنے پر جھونکی جا رہی ہیں، مادیت کا اس قدر تسلط ہے کہ روحانی اقدار قصہ پارینہ بن کر رہ گئیں، معراج دراصل ظلمت سے نور کی جانب اور شک سے یقین کی جانب اور معصیت سے اطاعت کی جانب سفر ہے، یہاں نور ہی نور ہے اور طاعت ہی طاعت ہے، ظلمت و معصیت کا دور دور تک گزر نہیں ہے۔ (8)۔ معراج کا واقعہ بتاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بے پناہ مہربان ہے، اسی مہربانی کا نتیجہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے پچاس نمازوں کو کم کر کے پانچ مقرر فرمائی اور کبیرہ گناہ کرنے والا موت سے پہلے سچی توبہ کر لے تو اس کے گناہوں کی مغفرت کا اعلان فرمایا۔ (9)۔ واقعہ معراج استقامت اور ثبات قدمی کا پیغام دیتا ہے کہ دین کی راہ میں کیسی ہی دشوار گھاٹیاں آئیں مسلمان کو ثابت قدم رہنا چاہئے، جس طرح نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر معراج سے پہلے انتہائی دشوار گھاٹیاں آئیں مگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پائے ثبات میں کسی طرح کا تزلزل نہ آیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعوت دین پر ثابت قدم رہے۔ (10)۔ کائنات میں اللہ تعالیٰ کا ضابطہ یہ ہے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز: عوامی خدمت میں نئی مثالیں اور ترقی کا نیا سفر



تحریر: حکیم احمد حسین

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنے دور حکومت میں عوامی خدمت اور صوبے کی ترقی کے لیے جو اقدامات کیے ہیں، وہ نہ صرف پاکستان بلکہ عالمی سطح پر بھی ایک نیا معیار قائم کر رہے ہیں۔ مریم نواز نے اپنے والد میاں نواز شریف کی سیاسی تربیت کو بروئے کار لاتے ہوئے، اپنی حکمت عملی اور بصیرت سے پنجاب کی عوامی خدمت کا جو عہد کیا تھا، وہ پورا کرتے ہوئے کئی اہم اقدامات کیے ہیں جن سے عوام کی زندگیوں میں بہتری آئی ہے۔ مریم نواز نے بطور وزیر اعلیٰ پنجاب اپنے دور حکومت میں متعدد ترقیاتی منصوبوں کا آغاز کیا ہے، جن میں سے کسانوں کے لیے کسان کارڈ، گرین ٹریکٹرز پروگرام اور سپر سیڈرز کی فراہمی جیسے اقدامات قابل ذکر ہیں۔ یہ اقدامات نہ صرف کسانوں کی مالی حالت بہتر بنانے کے لیے ہیں، بلکہ یہ زرعی پیداوار میں اضافے اور ملک کی اقتصادی ترقی کے لیے بھی اہم ثابت ہو رہے ہیں۔ ان اقدامات سے پنجاب کی زرعی معیشت کو مزید مضبوط کیا جا رہا ہے۔ مریم نواز کی قیادت میں پنجاب میں گڈ گورننس کا جو مظاہرہ ہو رہا ہے، وہ ان کی محنت اور سنجیدگی کا نتیجہ ہے۔ پنجاب بھر میں انتظامی مشینری نے عوامی فلاح و بہبود کے لئے موثر اقدامات اٹھائے ہیں۔ صحت، تعلیم، سڑکوں کی تعمیر، اور بنیادی ضروریات کی فراہمی کے حوالے سے ان کے منصوبے تیزی سے تکمیل کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صحت کے شعبے میں ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن اور نئے ہسپتالوں کی تعمیر کے سا





چاہت فتح علی خان اور متھیرا کی ملاقات کی ویڈیو نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچادیا

چاہت فتح علی خان کو متھیرا کے ساتھ نامناسب رویے پر شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

کراچی (کلچرل ڈیسک) بے سری گائیکی کے باعث مشہور گلوکار چاہت فتح علی خان کی پاکستان شوبز کی ماڈل اور میزبان متھیرا سے ملاقات کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ حال ہی میں چاہت فتح علی خان ماڈل اور ٹی وی ہوسٹ متھیرا کے کے پروگرام میں شریک ہوئے جس کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہیں تاہم انہیں متھیرا کے ساتھ نامناسب رویے پر شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ویڈیو میں دکھایا گیا کہ بدو بدی اور دیگر بے سرے گانوں سے لوگوں کی توجہ سمیٹنے والے چاہت فتح علی خان نے متھیرا سے ملاقات کے دوران ان کے ساتھ تصویر کھنچوانے کی فرمائش کی۔ تصویر بنواتے وقت متھیرا تھوڑی غیر مطمئن نظر آئیں لیکن انہوں نے منع نہیں کیا۔ اسی دوران چاہت فتح علی نے مصافحہ کرتے ہوئے اپنا دوسرا ہاتھ متھیرا کی کمر پر رکھ دیا۔ اس ویڈیو پر سوشل میڈیا صارفین نے شدید ردعمل دیا۔ ایک صارف نے لکھا، چاہت فتح علی خان، متھیرا کو ان کمفرٹیبل کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ جبکہ دوسرے نے کہا، متھیرا کبھی اتنی غیر محفوظ اور خوفزدہ نہیں لگیں جتنی اس ویڈیو میں نظر آئیں۔

زندگی میں کبھی کبھار پیچھے ہٹنا ضروری ہوتا ہے، صبا قمر

صبا قمر کا سوشل میڈیا سے کنارہ کشی کا اعلان، اداکارہ کی پوسٹ وائرل ہوگئی

لاہور (میاں شہروز سے) معروف پاکستانی اداکارہ و ماڈل صبا قمر نے سوشل میڈیا سے وقتی طور پر کنارہ کشی کا اعلان کیا ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی ایک اسٹوری میں صبا قمر نے لکھا کہ زندگی میں کبھی کبھار پیچھے ہٹنا ضروری ہوتا ہے تاکہ خود کو وقت دے کر دوبارہ بہتر محسوس کیا جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ دنوں وہ سوشل میڈیا پر زیادہ متحرک نہیں رہیں، اور ان کے چاہنے والوں نے اس بات کو محسوس کیا، جس پر وہ ان کی شکر گزار ہیں۔ اداکارہ نے مداحوں کی محبت اور فکر مندی پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے وضاحت کی کہ وہ بالکل ٹھیک ہیں اور یہ وقفہ صرف عارضی ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ وہ جلد ہی دوبارہ سوشل میڈیا پر متحرک ہوجائیں گی۔ واضح رہے کہ حالیہ دنوں صبا قمر کی ایک ویڈیو وائرل ہوئی تھی جس میں وہ ایک نجی میگزین کے لیے فوٹو شوٹ کرواتی نظر آئیں۔ ویڈیو کے وائرل ہوتے ہی صارفین کی جانب سے انہیں شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا، جس کے بعد انہوں نے سوشل میڈیا سے وقتی طور پر دور رہنے کا فیصلہ کیا۔



وکی کوشل نے ''چھاوا'' کیلئے 105 کلووزن بڑھایا، مداح حیران

ٹریلر لانچ سے قبل وکی کوشل کے روڈ شو نے شائقین کی زبردست توجہ حاصل کی

ممبئی (شوبز ڈیسک) وکی کوشل، راشمیکا مندنا، پروڈیوسر دنیش وجن اور ڈائریکٹر لکشمن اتیکر نے ممبئی کے پلازا تھیٹر میں فلم چھاوا کے ٹریلر کی شاندار تقریب میں رونمائی کی۔ ٹریلر لانچ سے قبل وکی کوشل کے روڈ شو نے شائقین کی زبردست توجہ حاصل کی، جہاں مداحوں کا جوش وخروش عروج پر تھا۔ تقریب کے دوران وکی کوشل نے فلم کے لیے اپنی تیاریوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے اس کردار کے لیے اپنے وزن میں 25 کلو اضافہ کیا۔ ان کا کہنا تھا، ''میرا وزن 80 کلو سے بڑھا کر 105 کلو کیا گیا۔ مجھے گھڑ سواری اور تلوار بازی سیکھنے میں چھ ماہ لگے۔ فلم کی تیاریوں کے دوران جو جی اور پرویز سر نے میرا بہت ساتھ دیا۔'' وکی نے مزید کہا، ''فلم کی شوٹنگ کا بڑا حصہ وائی میں کیا گیا، جہاں شدید گرمی میں 2000 ایکسٹراز اور 500 اسٹنٹ مین شامل تھے۔ یہ رمضان کا مہینہ تھا، اور ان اسٹنٹ مین نے روزے کے دوران کام کیا تاکہ چھترپتی سمبھاجی مہاراج کی عظمت کو اجاگر کیا جاسکے۔ یہ دیکھ کر دل کو سکون ملتا تھا۔'' انہوں نے کہا، ''میں نے اس کردار کے لیے اپنی پوری جان لگا دی۔ مجھے خوشی ہے کہ میں نے اپنی استطاعت سے بڑھ کر اس فلم کو دیا۔'' ''چھاوا 14 فروری کو سینما گھروں میں ریلیز ہوگی۔







شادی کے 20 سال بعد سہواگ اور اہلیہ میں علیحدگی کی خبریں

وریندر سہواگ اور آرتی اہلاوت 2004 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) اسپنر یوزویندر چہل اور دھناشری ورما کے بعد بھارت کے سابق اوپنر وریندر سہواگ اور ان کی اہلیہ آرتی اہلاوت کے درمیان شادی کے 20 سال بعد علیحدگی کی خبریں گردش کرنے لگیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق کرکٹر ویندر سہواگ اور انکی اہلیہ نے ایک دوسرے کو فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام سے ان فالو کردیا ہے، جس کے بعد جوڑے میں علیحدگی کی خبریں گردش کررہی ہیں۔ رپورٹس میں دعوی کیا گیا ہے کہ ویندر سہواگ اور آرتی کئی مہینوں سے علیحدہ رہ رہے ہیں اور انکے درمیان علیحدگی ہونے کا امکان بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔ وریندر سہواگ اور آرتی اہلاوت 2004 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے اور ان کے 2 بیٹے اریاویر اور ویدانت ہیں۔ بھارتی کرکٹر اور آرتی اہلاوت کو ایک مضبوط جوڑی کے طور پر دیکھا جاتا رہا ہے جو سہواگ کے کرکٹ کیریئر اور خاندانی زندگی کے درمیان توازن قائم رکھتے تھے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دیوالی کی تقریبات کے دوران سہواگ نے اپنے بیٹوں اور اپنی والدہ کے ساتھ تصاویر تو سوشل میڈیا پر شیئر کیں لیکن ان میں ان کی اہلیہ کا کوئی ذکر یا تصویر شامل نہیں تھی جس سے ان کی علیحدگی کی افواہوں کو مزید تقویت ملی۔ خیال رہے کہ اب تک سہواگ اور آرتی میں سے کسی نے بھی علیحدگی کے حوالے سے کوئی باضابطہ اعلان نہیں کیا جبکہ ہم ان کی دوری اور حالیہ واقعات ان خبروں کو تقویت دے رہے ہیں۔ قبل ازیں بھارتی اسپنر یوزویندر چہل اور دھناشری ورما کے درمیان علیحدگی کی خبریں سامنے آئیں تھی، بعدازاں دونوں نے اسکی تردید کی۔ اسی طرح ایک اور بھارتی کرکٹر منیش پانڈے اور انکی اہلیہ اداکارہ اشرینا تیشنی کے درمیان طلاق کی خبریں زیر گردش ہیں، دونوں نے سوشل میڈیا سائٹ سے ایک دوسرے کو ان فالو کرکے تصاویر بھی ڈیلیٹ کردی ہیں۔

سابق کپتان انضمام الحق کے بیٹے رشتہ ازدواج میں بندھ گئے، تصاویر وائرل

لاہور (میاں شہروز سے) قومی ٹیم کے سابق کپتان اور چیف سلیکٹر انضمام الحق کے بیٹے کے نکاح کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ سابق کپتان انضمام الحق کے بیٹے ابتسام الحق کا نکاح 23 جنوری کو ہوا جس کی تصاویر اور ویڈیوز فوٹو گرافرز کی جانب سے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر شیئر کیں، جو وائرل ہوگئیں۔ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بیٹے کے نکاح کی تصاویر سامنے آنے کے بعد انضمام الحق کو مبارکباد دیے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔ مختلف میڈیا رپورٹس اور ذرائع کی جانب سے دعوی کیا جارہا ہیکہ ڈومیسٹک کرکٹ کھیلنے والے 24 سالہ ابتسام الحق کا نکاح اقرا عامر نامی لڑکی کے ساتھ ہوا ہے۔



آئی سی سی ون ڈے ٹیم آف دی ایئر 2024، پاکستان کے 3 کھلاڑی شامل

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے ٹیم آف دی ایئر 2024 کا اعلان کردیا۔ قومی ٹیم کے تین کھلاڑیوں آئی سی سی ٹیم آف دی ایئر میں جگہ بنانے میں کامیاب ہوئے، جن میں نوجوان اوپنر صائم ایوب، فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی اور حارج رف شامل ہیں۔ آئی سی سی ٹیم آف دی ایئر کی ٹیم کیلئے سری لنکا کے 4 کھلاڑی نامزد ہوئے ہیں، ٹیم کا چیرتھ اسالنکا کو کپتان بنایا گیا ہے جبکہ کوشل مینڈس وکٹ کیپر، مڈل آرڈر میں سری لنکن بلے باز پاتھم نسانکا اور اسپنر ونندو ہسرنگا بھی شامل ہیں۔ انکے علاوہ افغانستان کے رحمان اللہ گرباز، عظمت عمرزئی، اے ایم غضنفر بھی پلیئنگ الیون کا حصہ ہیں۔ بھارت، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، جنوبی افریقا اور بنگلادیش سمیت کئی بڑی ٹیموں کے کھلاڑی جگہ بنانے میں کامیاب نہ ہوسکے۔



سیف علی خان اور کرینہ کی حفاظت کیلئے گھر کے باہر پولیس تعینات

سیکیورٹی کو بہتر بنانے کے لیے علاقے میں سی سی ٹی وی کیمرے اور وِنڈو گرلز بھی نصب کی گئی ہیں

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کے معروف اداکار سیف علی خان پر حملے کے بعد ان کی حفاظت کے لیے ممبئی پولیس نے ان کی باندرہ میں واقع رہائش گاہ کے باہر دو کانسٹیبل تعینات کردیے ہیں۔ پولیس کے مطابق سیف علی خان اور کرینہ کی باندرہ ویسٹ میں واقع رہائش گاہ، ست گرو شرن بلڈنگ، پر عارضی طور پر تحفظ کے لیے پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ پولیس نے مزید بتایا کہ سیکیورٹی کو بہتر بنانے کے لیے علاقے میں سی سی ٹی وی کیمرے اور وِنڈو گرلز بھی نصب کی گئی ہیں۔ یاد رہے کہ 16 جنوری کو باندرہ میں سیف علی خان کے گھر پر چوری کی کوشش کے دوران ملزم نے ان پر چاقو کے ساتھ چھ بار حملہ کیا تھا۔ حملے کے بعد سیف علی خان کو فوری طور پر ممبئی کے لیلاوتی اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ان کی کامیاب سرجری ہوئی۔ 5 دن اسپتال میں گزارنے کے بعد وہ اب گھر واپس آچکے ہیں۔



گڈ لکنگ دکھنے کا بڑا نقصان اور خمیازہ بھگتنا پڑا، احمد شہزاد کا انکشاف

کراچی (اسپورٹس ڈیسک) قومی ٹیم کے اوپنر احمد شہزاد نے انکشاف کیا ہے کہ گڈ لکنگ دکھنے کا بڑا نقصان اور خمیازہ بھگتنا پڑا ہے۔ حال ہی میں اداکار و میزبان احمد علی بٹ کے پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے اوپنر احمد شہزاد نے کہا کہ 'گڈ لکنگ ہونے کا مجھے بہت نقصان ہوا ہے، ہماری فیلڈ اس طرح کی ہے کہ اگر آپ دکھنے میں اچھے ہیں، آپ کو پہننا اوڑھنا اور بات کرنا آتا ہے تو کچھ لوگ آپ سے جلنا شروع ہوجاتے ہیں'۔ انہوں نے کہا کہ قومی ٹیم میں کچھ سینئر کرکٹرز میرے اچھا دکھنے پر حسد کرتے تھے۔ احمد شہزاد نے کہا کہ 'پاکستانی ٹیم میں اس چیز کا نشانہ بن چکا ہوں اور میں یہاں اپنا دفاع نہیں کررہا، میرے علاوہ اور بھی لوگ ہیں جو اس کا شکار رہ چکے ہیں کہ اگر آپ کی فین فالوونگ بڑھ رہی ہے، لوگ سراہ رہے ہیں تو یہ سینئرز سے برداشت نہیں ہوتا'۔ انکا کہنا تھا کہ 'ہم چھوٹے علاقوں سے آئے ہوئے ہیں، انارکلی لاہور میں رہتا تھا، ہمارے ساتھ ملک کا نام جڑا تو خود کو اچھا دکھایا، اپنی پرسنلیٹی کو گروم تو کیا لیکن اس کا پاکستان کے اندر بہت نقصان بھی اٹھایا۔



وسیم اکرم نہ آتے تو گوتم گمبھیر سے ہاتھا پائی ہوسکتی تھی، منوج تیواری

ایک انٹرویو میں سابق کرکٹر نے ایڈن گارڈنز میں ہونے والے واقعے کے متعلق تفصیلات بتائیں

ممبئی (اسپورٹس ڈیسک) سابق بھارتی بلے باز منوج تواری نے انکشاف کیا ہے کہ آئی پی ایل کے دوران ایک میچ میں وسیم اکرم نے ان کے اور گوتم گمبھیر کے درمیان ہاتھا پائی ہونے سے روکی۔ منوج تواری اور بھارتی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کے درمیان تلخ تعلقات کوئی نئی بات نہیں ہے۔ ایک یوٹیوب چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے منوج تواری نے بتایا کہ جب ایک نیا کھلاڑی آتا ہے تو اس کی اخبار میں سرخیاں لگتی ہیں، عین ممکن ہے وہ اس وجہ سے مجھ سے ناراض ہوں۔ اگر میرے پاس پی آر ٹیم ہوتی تو میں آج بھارت کا کپتان ہوسکتا تھا۔ انہوں نے مزید کہا ایک بار دونوں کے درمیان ایڈن گارڈنز میں میری بیٹنگ پوزیشن کو لے کر شدید بحث ہوگئی۔ میں بہت مایوس تھا، وہ میرے پاس آئے اور کہا کہ یہ رویہ نہیں چلے گا۔ تجھے کبھی کھلاں گا نہیں۔ میں نے ان کا سامنا کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایسے کیوں بات کررہے ہیں۔ اتنے میں وسیم اکرم اندر آگئے اور معاملے کو ٹھنڈا کیا ورنہ ہاتھا پائی ہوسکتی تھی۔ دونوں کے درمیان 2015 میں رانچی ٹرافی کے دوران ہونے والی گرما گرمی بھی کافی خبروں کی زینت بنی تھی۔ اس متعلق منوج تواری کا کہنا تھا کہ گوتم گمبھیران کے ساتھ فیلڈ پر گالی گلوچ کررہے تھے۔



تین سال قبل ول اسمتھ پر تھپڑ واقعے کا آج بھی اثر، کرس راک سے شدید نفرت برقرار

نیویارک (شوبز ڈیسک) ہالی ووڈ کے معروف اداکار ول اسمتھ آسکر تھپڑ واقعے کے بعد سے آج بھی کامیڈین، اداکار وفلمساز کرس راک سے شدید نفرت کرتے ہیں۔ اسمتھ کی سخت نفرت کی وجہ وہ واقعہ ہے جو تین برس قبل پیش آیا، جس میں اپنی اہلیہ کے خلاف کرس کی جانب سے غیر مناسب الفاظ استعمال کرنے پر ول اسمتھ نے آسکر ایوارڈ کی تقریب کے دوران کرس راک کو زوردار تھپڑ دے مارا تھا۔ گو کہ اس واقعے کو تین برس ہونے والے ہیں لیکن ول اسمتھ محسوس کرتے ہیں کہ کرس راک کی اس حرکت کی وجہ سے انکی زندگی اور کیریئر تباہ ہوا۔ 2022 میں آسکر ایوارڈ تقریب کے دوران کرس راک نے ول اسمتھ کی اہلیہ جاڈا پنکیٹ اسمتھ کا تمسخر اڑایا جس پر یہ ناخوشگوار واقعہ پیش آیا تھا۔ امریکی میڈیا رپورٹ میں ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے انکشاف کیا گیا ہے کہ ول اسمتھ اس ناراضی کو برقرار رکھے ہوئے ہے۔ وہ کرس کو اپنی زندگی برباد کرنے پر کبھی معاف نہیں کریں گے۔ واضح رہے کہ اس واقعے سے نہ صرف ول اسمتھ کی فلم کنگ رچرڈ پر آسکر جیتنے کا لمحہ پھیکا پڑ گیا بلکہ انکے کیریئر پر بھی اسکے منفی اثرات مرتب ہوئے، جس کی وجہ سے وہ کرس راک سے اب بھی نفرت کی حد رنجش رکھتے ہیں۔ یاد رہے کہ اسٹیج پر پیش آنے والے واقعے کے بعد ول اسمتھ پر اکیڈیمی ایوٹنس میں ایک عشرے کی پابندی لگی اور متعدد پروجیکٹس میں تاخیر ہوئی۔



اکشے سے شادی کے بعد ٹوئنکل کھنہ ایک ہی سوال بار بار پوچھے جانے پر پریشان

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکار اکشے کمار کی اہلیہ اور مصنفہ ٹوئنکل کھنہ کا کہنا ہے کہ وہ مسلسل ایک ایسے سوال کا سامنا کررہی ہیں جس نے انہیں تنگ کررکھا ہے۔ بھارت کے ڈیجیٹل میڈیا کیلئے اپنے تازہ کالم میں ٹوئنکل نے انکشاف کیا کہ وہ 20 سال سے یہ سن رہی ہیں کہ اسٹار وائف ہونے کا احساس کیسا ہے؟ سابقہ اداکارہ نے بتایا کہ اب انہوں نے اس سوال کو اپنے انداز میں سنبھالنا سیکھ لیا ہے اور اس کا جواب عقل ودانش کے موتیوں سے دیتی ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ انٹرویوز کے دوران پوچھا جاتا ہے، آپ ایک اسٹار وائف ہیں، یہ کیسا لگتا ہے؟ تاہم اس پر ردعمل تو یہ دینے کا دل چاہتا ہے کہ رپورٹر کی انگلی کاٹ لوں لیکن میں جواب دیتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں جواب دیتی ہوں کہ مجھے نہیں لگتا کہ کوئی ایسی چیز وجود رکھتی ہے جسے اسٹار وائف کہا جاسکے۔ انکا کہنا تھا کہ 20 سال سے اس پریشان کن سوال کا جواب دینے کے بعد میں نے کستورا مچھلی (oyster) کی طرح ان چبھنے والی باتوں کو قبول کرنے اور ان سے دانش کے موتی بنانے کا ہنر سیکھ لیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا، اکثر مجھ سے ہمارے سیاسی نظریات کے فرق پر سوالات کیے جاتے ہیں بلکہ مجھے اس کا ذمہ دار بھی ٹھہرایا جاتا ہے۔ یہ ایسے ہے جیسے لوگ سمجھتے ہیں کہ اکشے میرے شوہر نہیں بلکہ کوئی چھوٹے بچے ہیں، جنہیں میں یہ کہوں، بیٹا جی، براہ کرم سڑک کے بائیں طرف چلیں، میں آپ کو فروٹی دوں گی۔ خیال رہے کہ ٹوئنکل کھنہ اور اکشے کمار 17 جنوری 2001 کو شادی کے بندھن میں بندھے۔ ان کے دو بچے ہیں، بیٹا آروا اور بیٹی نیتارا۔



ثناء خان اپنے دوسرے بیٹے کو کیمرے کے سامنے لے آئیں

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ انڈسٹری کو خیرباد کہہ کر دینِ اسلام کے مطابق زندگی گزارنے والی سابقہ اداکارہ ثناء خان نے اپنے دوسرے بیٹے کی تصویر شیئر کردی۔ ثناء خان کے ہاں دوسرے بیٹے کی پیدائش 6 جنوری کو ہوئی تھی جس کی اطلاع انہوں نے سوشل میڈیا پر دی تھی۔ سابقہ اداکارہ ثناء خان اور ان کے شوہر انس سید نے پہلے بیٹے کا نام پاکستان کے معروف مبلغ مولانا طارق جمیل کے نام پر سید طارق جمیل رکھا تھا۔ بعدازاں 6 جنوری 2025 کو ثناء خان نے اپنے دوسرے بیٹے کی پیدائش کی خوشخبری سنائی اور آج اسکو کیمرے پر لے آئیں۔ فوٹو زاینڈ ویڈیوز شیئرنگ ایپ انسٹاگرام اکاؤنٹ پر ثناء خان نے اپنے چھوٹے بیٹے کی تصویر شیئر کی اور ایک اینیمیٹڈ ویڈیو میں اس کا نام سید حسن جمیل بھی بتا۔ اپنی پوسٹ کے کیپشن میں انہوں نے لکھا کہ اے اللہ تمام تعریفیں تیرے لیے ہیں۔ اپنی نعمتوں اور فضل کے ساتھ ہمیں توفیق دے کہ ہم اس کی اچھے طریقے سے پرورش کریں، ہمیں اس کے ساتھ مہربانی اور انصاف کرنے کی ہدایت دے اور ہے اور لوگ ان کیلئے نیک تمناں کا اظہار بھی کررہے ہیں۔



بنگلہ دیشی اداکارہ پوری مونی کے وارنٹ گرفتاری جاری

یہ کیس 9 جون 2021 کو ساور کے ڈھاکہ بوٹ کلب میں پیش آنے والے ایک واقعے سے جڑا ہے

ڈھاکہ (این این آئی) ڈھاکہ کی عدالت نے بنگلہ دیشی سٹار پوری مونی کے خلاف مبینہ حملہ، توڑ پھوڑ اور دھمکیوں کے الزام میں وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے۔ یہ وارنٹ 25 جنوری 2025 کو جاری کیا گیا تھا، جس میں حملہ، توڑ پھوڑ، قتل کی کوشش اور دھمکیاں شامل تھیں، پوری مونی کے ساتھ اس کے ملبوسات کے ڈیزائنر جنید کریم جمی کو بھی گرفتاری کے وارنٹ کا سامنا ہے۔ ڈھاکہ جوڈیشل مجسٹریٹ کورٹ 1 جس کی صدارت محمد زنید نے کی نے پوری مونی کی عدالت میں عدم پیشی کے لئے وقت مانگنے کی درخواست کو مسترد کردیا، ان کی غیر موجودگی میں الزامات عائد کئے گئے، عدالت نے وارنٹ جاری کرنے کا اشارہ کیا۔ یہ کیس 9 جون 2021 کو ساور کے ڈھاکہ بوٹ کلب میں پیش آنے والے ایک واقعے سے جڑا ہے، ناصر کی شکایت کے مطابق پوری مونی اور اس کے ساتھیوں نے رات گئے کلب کا دورہ کیا، دونوں نے نشہ کیا اور مفت میں شراب لینے کا مطالبہ بھی کیا۔

مہا کمبھ میلے سے مشہور ہونے والی مونا لیزا کو بالی ووڈ سے بڑی آفر مل گئی

بھارت میں 26 جنوری تک جاری رہنے والا مہا کمبھ اپنی منفرد داستانوں اور شخصیات کی وجہ سے توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ان میں سے ایک 16 سالہ مونالیزا بھونسلے ہے، جس کو 'وائرل مونالیزا' کا خطاب دیا گیا ہے۔ میلے میں ہاتھ سے بنے ہار بیچنے والی اس لڑکی کو اس کی گہری رنگت اور خوبصورت آنکھوں کے ساتھ معصومیت بھری مسکان نے سوشل میڈیا پر مشہور کردیا۔ مونالیزا کی تصاویر اور ویڈیوز وائرل ہونے کے بعد ان کے پاس خریداری کیلئے لوگوں کو ہجوم کرنا شروع کردیا۔ اس کے نتیجے میں ان کے ساتھ ہراسانی کے واقعات بھی پیش آئے، جس پر ان کے والد نے ان کی حفاظت کے لیے فوری اقدامات کیے اور انہیں واپس گھر بھیج دیا۔ رپورٹس کے مطابق ایک معروف فلم ڈائریکٹر نے مونالیزا کو اپنی آنے والی فلم 'دی ڈائری آف منی پور' میں ایک کردار کی پیشکش کی ہے۔ تاہم، مونالیزا نے تاحال اس پیشکش پر کوئی جواب نہیں دیا۔ ایک انٹرویو میں مونالیزا نے اپنی شہرت کو قسمت قرار دیتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا اور فلم میں کام کرنے کے امکان پر مثبت ردعمل دیا۔ مونالیزا اس فلم میں کردار کیلئے راضی ہوں گی یا نہیں اس حوالے سے تو نہیں کہا جاسکتا تاہم وہ بھی کئی سوشل میڈیا اسٹارز کی طرح سال 2025 کی پہلی انٹرنیٹ سینسیشن بن چکی ہیں جن کی خوبصورتی کے ہر طرف چرچے ہورہے ہیں۔

ادا کار فیصل رحمٰن نے شادی نہ کرنے کی وجہ بتادی

مجھے زندگی میں کبھی بھی کسی سے محبت نہیں ہوئی، اداکار

کراچی (شوبز رپورٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار فیصل رحمٰن نے اب تک شادی نہ کرنے کی وجہ بتادی۔ 58 سالہ فیصل رحمٰن نے حال ہی میں ایک ویب شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر دلچسپ گفتگو کی۔ انہوں نے محبت کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ مجھے زندگی میں کبھی بھی کسی سے محبت نہیں ہوئی۔ اداکار نے مزید بتایا کہ زندگی میں کئی لوگوں کے قریب ہوا اور شادی کرنے کا فیصلہ بھی کیا لیکن شادی ہو نہیں سکی۔ انہوں نے شادی نہ ہونے کی وجہ بتاتے ہوئے کہا کہ مجھے وعدے کرنے سے ڈر لگتا ہے اس لیے میں ہر بار شادی کرنے کا ارادہ ترک کردیتا ہوں۔ فیصل رحمٰن نے کہا کہ میرے خیال میں سارے مرد ہی اس طرح کے وعدے کرنے سے ڈرتے ہیں لیکن معاشرے کے دباؤ اور اپنے عدم تحفظ کی وجہ سے شادی کرلیتے ہیں کیونکہ انہیں لگتا ہے کہ زندگی میں کسی ساتھی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میرا خیال ہے کہ اگر ہم اچھی طرح خود کو پہچان لیں تو ہمیں زندگی میں کسی کے ساتھ کی ضرورت نہیں ہے۔ اداکار نے یہ بھی کہا کہ دو لوگ صرف اس صورت میں ایک دوسرے کے ساتھ چل سکتے ہیں اگر وہ ایک دوسرے کو اچھی طرح سمجھ جائیں اور دونوں ایک ہی جیسی خصوصیات کے حامل ہوں۔

مجھے ٹی وی سے زیادہ ریڈیو پر کام کرنا اچھا لگتا ہے: ساحر لودھی

لاہور: (شوبز رپورٹر) اداکار و میزبان ساحر لودھی نے کہا ہے کہ مجھے ٹی وی سے زیادہ ریڈیو پر کام کرنا اچھا لگتا ہے۔ پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار و میزبان ساحر لودھی نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے شو میں شرکت کی۔ اس دوران انہوں نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ میں ریڈیو میں کام کرنا نہیں چھوڑ سکتا، ریڈیو میں 100 فیصد آپ کی اپنی محنت، ایک مائیک اور آپ کی آڈیئنس ہوتی ہے، مجھے ٹی وی پر میزبانی سے زیادہ ریڈیو پر کام کرنا اچھا لگتا ہے۔ شو کے دوران عمر شریف اور معین اختر کا ذکر کرتے ہوئے ساحر لودھی جذباتی ہو گئے۔ انہوں نے بتایا کہ میں روزانہ کی بنیاد پر عمر شریف کی قبر پر جاتا ہوں، اگر یہ دو فنکار عمر شریف اور معین اختر پاکستان میں نہ ہوتے تو بہت سے فنکار بن نہ پاتے۔ ساحر لودھی نے شاہ رخ خان کے ساتھ اپنا موازنہ کیے جانے پر بھی کھل کر بات کی اور کہا کہ شاہ رخ خان بہت بڑے فنکار ہیں اور بڑی انڈسٹری میں کام کررہے ہیں۔



معین اختر کی زندگی پر مبنی کتاب آئندہ ماہ فروری میں شائع ہوگی

باصلاحیت فنکار کی زندگی پر مبنی یہ کتاب آکسفورڈ یونیورسٹی پریس کے تحت شائع ہوگی جسے دنیا بھر میں ریلیز کیا جائے گا



لاہور (شوبز رپورٹر) عالمی شہرت یافتہ فنکار معین اختر کی زندگی پر مبنی کتاب آئندہ ماہ فروری 2025 میں شائع ہوگی۔ باصلاحیت فنکار کی زندگی پر مبنی یہ کتاب آکسفورڈ یونیورسٹی پریس کے تحت شائع ہوگی جسے دنیا بھر میں ریلیز کیا جائے گا۔ 416 صفحات کی یہ کتاب ابتدا اردو میں شائع کی جارہی ہے بعدازاں اس کا انگلش ایڈیشن بھی شائع ہوگا، کتاب کے پیش لفظ مرحوم ضیا محی الدین نے جبکہ دیباچہ انور مقصود نے تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جارہے ہیں: ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق

ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے لان میں شہریوں سے ملاقات کا اہتمام کیا



ملاقات کے لیے آنے والے شہری ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق سے مصافحہ کررہے ہیں

ملاقات آباد (ڈسٹرک رپورٹر) ڈپٹی کمشنر حافظ عبدالرزاق نے بھاٹہ چوک پبلک ڈیلنگ کے بعد ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے لان میں شہریوں سے ملاقات کا اہتمام کیا جہاں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے ملاقات کرکے انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کیا اس اقدام کا مقصد عوام کی سہولت اور رسائی کو آسان بنانا ہے۔ انکوائری کمیٹی کے ارکان بھی ڈسٹرکٹ کمپلیکس کے لان میں شہریوں سے ملاقات کا اہتمام کیا جہاں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے ملاقات کرکے انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جارہے ہیں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ہر ڈویژنل ہیڈکوارٹر پر ہفتہ وار پبلک ڈیلنگ کے علاوہ ملاقات میں شہریوں سے مسائل سنے جارہے ہیں انکوائری کمیٹی کے ارکان کی جانب سے ہر ہفتہ شکایات کا ازالہ کیا جارہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق

"قوت" کلاسیفائیڈ
Kuwait Qawwat
قوت
تمام اشتہارات ٹیکہ تجی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
042-3636003

نمبر 1 ہوتی ہے تاہم اس کے برعکس پاکستان میں "سود" جیسے الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں سننے میں کتنا ناگوار محسوس ہوتا ہے۔ مزید کہا گیا ہے کہ بینک آف انگلینڈ کی جانب سے بینکوں کو شرح سود کے بارے میں جو ہدایات جاری کی جاتی ہیں ان میں بھی سود کا لفظ استعمال نہیں کیا جاتا۔ بینک آف انگلینڈ کی جانب سے اعلان کردہ شرح کو بینک ریٹ کو عملی زبان میں ایک حوالہ نرخ کہا جاتا ہے۔ یہ نرخ نہ صرف روایتی بلکہ اسلامی بینکوں کے لیے بھی بنیادی حیثیت رکھتا ہے جو اپنے اثاثہ جات اور ڈپازٹس کی شرحوں کو اس کی بنیاد پر طے کرتے ہیں

042-36360003

نمبر 2 حفاظت کے لیے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل کرم سمیلان نے اراضی کے تنازعے پر 2 مرتبہ جشن منایا ہے جس کے بعد حکومت نے کرم میں شرپسندوں کے خلاف آپریشن شروع کیا ہوا ہے۔

نمبر 3 سے سیکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں کسی کو شہری کا درجہ دینے یا نہ دینے کی بحث کو چھوڑ کر اپنے ہمسایہ ملک افغانستان کی طرح اپنے شہریوں کو اپنی جائیداد کا تحفظ دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کا کہنا ہے کہ قادیانیوں کی مردم شماری کی مجلس مشاورت میں اس کا اعلان کردیا جائے۔

نمبر 4 اور آسمان میں برہم ہزارہا کوہانا لاکھوں / ایک آنکھ اٹھتی ہے دونوں رہ گئیں / میں نہیں بہار دریا ہے دوڑ رہا ہوں / میں نہیں بہار دریا ہے دوڑ رہا ہوں / یہ بھی ذہن میں رہے کہ ہر شاعر کا اپنا ایک انداز ہوتا ہے اور اسی انداز کو شاعر کا اسلوب کہا جاتا ہے۔ اسلوب کی اصطلاح کو سب سے پہلے عربی نقاد ابن قتیبہ نے استعمال کیا تھا۔ اسلوب کی تعریف کرتے ہوئے ابن قتیبہ نے کہا تھا کہ اسلوب کسی شاعر کے مخصوص طریقہ کو کہتے ہیں جس کے ذریعے وہ اپنے کلام کو ترتیب دیتا ہے۔ اسلوب کی اصطلاح کو مغربی نقاد بفن نے بھی استعمال کیا ہے۔ بفن کا کہنا ہے کہ اسلوب ہی انسان ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر شاعر کا اسلوب اس کی شخصیت کا آئینہ دار ہوتا ہے۔ اسلوب کی تعریف کرتے ہوئے بفن

امت فاؤنڈیشن بلا امتیاز رنگ و نسل اور مسلک کے عوام کی خدمت کر رہی ہے، ضیاء الدین انصاری

الخدمت فاؤنڈیشن شہر لاہور کے 1300 سے زائد یتیم بچوں کی کفالت بھی کر رہی ہے، لاہور میں 4 بڑے ہسپتال، 12 ڈسپنسریاں اور 4 میت گاڑیاں عوام کی خدمت میں مصروف ہیں

درجنوں پروجیکٹس کے ذریعے مستحق طبقات کو صحت، تعلیم اور زندگی کی دیگر ضروریات فراہم کر رہے ہیں، شیر شاہ کالونی میں صغریٰ نذیر ہیلتھ سنٹر کی افتتاحی تقریب سے خطاب



لاہور (خبر نگار) سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن و امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ شیر شاہ کالونی میں صغریٰ نذیر ہیلتھ سنٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) امت فاؤنڈیشن بلا امتیاز رنگ و نسل اور مسلک کے عوام کی خدمت کر رہی ہے، لاہور میں 4 بڑے ہسپتال، 12 ڈسپنسریاں اور 4 میت گاڑیاں عوام کی خدمت میں مصروف ہیں جبکہ الخدمت فاؤنڈیشن شہر لاہور کے 1300 سے زائد یتیم بچوں کی کفالت بھی کر رہی ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن درجنوں پروجیکٹس کے ذریعے مستحق طبقات کو صحت، تعلیم اور زندگی کی دیگر ضروریات فراہم کر رہی ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن لاہور کے عہدیداران انجمن آبادکاران رضا کیلئے ہزاروں خدمت خلق کارکنان (بقیہ نمبر 9)

میری خوشیوں میں شریک ہونیوالے تمام دوستوں کا شکر گزار ہوں، ڈاکٹر سعید الٰہی

میں اپنے دوست احباب اور رفقا کا شکر گزار ہوں جنہوں نے میرے بیٹے کی خوشیوں میں شرکت کی، دعاؤں اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا، ان افراد کیساتھ چار سے پانچ دہائیوں سے تعلق اور دوستی ہے

بیٹی رانیٰ کی شادی میں سیاستدانوں، بیوروکریٹس۔ افواج پاکستان، عدلیہ، سینئر صحافیوں کی شرکت، چیئرمین سینٹ کی جانب سے بھی خصوصی گفٹ بھجوائے گئے



ڈاکٹر سعید الٰہی کے بیٹے بیٹی الٰہی کے ولیمہ میں سابق گورنر تبلیغ الرحمٰن۔ سابق وزیر اضطر علی ناصر۔ سابق۔ ایم این اے ڈاکٹر مسعود شیخ و دیگر دولہا اور دلہن کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور (خبر نگار) سابق وزیر صحت ڈاکٹر سعید الٰہی کے بیٹے بیٹی الٰہی کی تقریب ولیمہ میں گورنر گلگت بلتستان۔ سابق گورنر پنجاب جناب بلیغ الرحمٰن۔ صوبائی اور وفاقی وزراء۔ سیکرٹریز۔ میڈیا کی شرکت اور اس تقریب کو دلکش بنا دیا۔ وزیر اعظم پاکستان۔ وزیر اعلیٰ۔ چیئرمین سینٹ کی جانب سے بھی خصوصی گفٹ بھجوائے گئے۔ اس دوران میڈیا کے نمائندگان سے بات چیت کرتے ہوئے ڈاکٹر سعید الٰہی نے کہا کہ میں اپنے دوست احباب اور رفقا کا شکر گزار ہوں جنہوں نے میرے بیٹے کی خوشیوں میں شرکت کی اور اس تقریب کو دلکش بنا دیا۔ وزیر اعظم پاکستان۔ وزیر اعلیٰ۔ چیئرمین سینٹ کی جانب سے بھی خصوصی گفٹ بھجوائے گئے۔ کالم نگاروں اور مختلف طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایک کثیر تعداد نے



''سود'' جیسے الفاظ سے مالیاتی نظام کیلئے غیر ضروری تنازعات، منفی تاثر پیدا ہوتا ہے، ماہرین معاشیات

لاہور (سٹاف رپورٹر) ماہرین معاشیات نے کہا ہے کہ اسلامی ممالک بالخصوص مشرق وسطیٰ میں پالیسی ریٹ کو ''شرح منافع'' یا شرح نفع'' جیسے الفاظ کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے جس سے اس کی افادیت بہتر انداز میں اجاگر ہوتی ہے تاہم اس کے برعکس پاکستان میں ''سود'' جیسے (بقیہ نمبر 1)

پنجاب میں میٹرک امتحانات میں پہلی بار تھرڈ ڈی میٹرکس بار کوڈ رول نمبر سلپ جاری کرنے کا فیصلہ

کاوشوں کے باعث ملک میں سرمایہ کاری کیلئے ماحول سازگار ہے، بیس کی 80 کمپنیوں نے پاکستان میں بھی آلات کے شعبے میں شراکت داری کیلئے گہری دلچسپی کا اظہار (بقیہ نمبر 7)

چین کی میڈیکل آلات کے شعبے میں اہم سرمایہ کاری

پریشیئل شعبے میں تجارت کے فروغ کیلئے 250 ملین ڈالر کی مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ کی ہدایت پر صوبے میں میٹرک امتحانات میں پہلی بار ڈی میٹرکس بار کوڈ رولنمبر سلپ جاری کی جائے گی تاکہ امتحانی مراکز میں جعلی ڈگری کا 100 فیصد خاتمہ ہو سکے ڈی میٹرکس رولنمبر سلپ (بقیہ نمبر 5)

نارووال میں مسیحی برادری میں امدادی چیک تقسیم کرنیکی تقریب

وفاقی وزیر احسن اقبال اور صوبائی وزیر مینش سنگھا روڑہ کی خصوصی شرکت، پانچ مسیحی گھرانوں کو امدادی چیک تقسیم کئے گئے



لاہور (خبر نگار) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی پروفیسر احسن اقبال چیمہ کی صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ کے ہمراہ ڈسٹرکٹ نارووال میں مسیحی برادری میں امدادی چیک تقسیم کرنے کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد اور سیاسی رہنماء بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ ''پنجاب حکومت نے اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے بے مثال اقدامات کیے ہیں۔ آج نارووال میں 500 گھرانوں کو امدادی چیکس (بقیہ نمبر 16)



سیوریج پلاننگ اگلے 25 سال کی ضروریات مدنظر رکھ کر کی جائے، وزیر بلدیات

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر 9 شہروں میں سیوریج مسائل کے حل کے منصوبے تیار کئے جا رہے ہیں، ڈیزائن رفیق برساتی پانی کے نکاس کیلئے 15 شہروں میں زیر زمین واٹر چینل بنائے جا رہے ہیں، پی ایم ڈی اے کے دورے سے خطاب



لاہور: وزیر بلدیات و دیہات رفیق بلوچ اتھارٹی فنڈ کمیٹی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات و دیہات رفیق بلوچ نے پنجاب میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمیٹی کے دورے میں ہونے والے ایک بریفنگ کے موقع پر کہا ہے کہ سیوریج پلاننگ اگلے 25 سال کی ضروریات مدنظر رکھ کر کی جائے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب کلیم الدین اجلاس میں موجود تھے۔ پی ایم ڈی اے کے منیجنگ ڈائریکٹر سید ابوذر عزیز نے صوبائی وزیر کو مختلف منصوبوں پر بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات و دیہات رفیق (بقیہ نمبر 15)

شوگر ملز میں تعیناتی کیلئے ٹیکس فائر سے ملازمین کی خیانت کا حاصل

43 قابل افسران کو نامزد بڑی شوگر ملز میں تعینات کر دیا گیا، 150 سے زائد ملازمین کو بھی رپورٹ کرنے کے احکامات

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے شوگر ملز میں تعیناتی کے لئے 150 سے زائد ملازمین کو بھی مختلف شوگر ملز میں رپورٹ کرنے کے احکامات جاری کئے گئے۔ شوگر ملز میں پہلے سے موجود عملہ تعینات کر دیا گیا جبکہ 150 سے زائد ملازمین کو قابل افسران کو 43 نامزد بڑی شوگر ملز میں تعینات کر دیا گیا۔ 150 سے زائد ملازمین کو بھی مختلف شوگر ملز میں رپورٹ کرنے کے احکامات تمام تر معلومات اور ڈیٹا کے ساتھ سپرد کرکے گا۔ ایف بی آر ذرائع (بقیہ نمبر 19)



لاہور: صوبائی وزیر داؤد الٰہی یاسین، خواجہ عمران نذیر اور ڈی جی مانیٹرنگ عاصم جاوید کیمل ٹریننگ پروگرام کا افتتاح کر رہے ہیں

سی ای او ایجوکیشن نکانہ نے رانا طارق کو تعریفی سرٹیفکیٹ جاری کر دیا

نکانہ صاحب (نمائندہ خصوصی) سی ای او ایجوکیشن نکانہ ڈاکٹر محمد قیم خان نے ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن نکانہ ڈاکٹر محمد قیم خان نے انتظامی معاملات میں اعلیٰ کارکردگی، مثالی فرائض منصبی کی ادائیگی اور دوران ڈیوٹی نمایاں خدمات کے اعتراف میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر (جنرل) نکانہ رانا طارق محمود کو تعریفی سرٹیفکیٹ جاری کر دیا اور ان کی شاندار تعلیم میں خدمات کو (بقیہ نمبر 20)

بدین، جعلی عامل کے تشدد سے خاتون جاں بحق

بدین (بیورو رپورٹ) بدین میں جعلی عامل کے ہاتھوں تشدد کے باعث 30 سالہ خاتون جاں بحق ہوگئی، جعلی عامل اور اس کے ساتھی کو گرفتار کر لیا گیا۔ بدین پولیس کے مطابق ملزمان نے گاؤں غلام اشفق جوہانی کی رہائشی 30 سالہ سکینہ جتوئی عامل کے ہاتھوں تشدد کے باعث جاں بحق

نارووال، بچی سکول کے طلبہ پر بدترین تشدد کی ویڈیو وائرل

نارووال (کرائم رپورٹر) نجی سکول میں طلبہ پر بہیمانہ تشدد کی ویڈیو وائرل ہونے پر پولیس نے اسسٹنٹ ایگزیکٹو آفیسر کی عدلیت میں مقدمہ درج کرا لیا۔ تاہم کیا گیا کے ظلور وال روڈ پر قائم نجی سکول کی ایک (بقیہ نمبر 23)

حجرہ شاہ مقیم، ٹریفک حادثات میں دو افراد جان کی بازی ہار گئے، ایک زخمی

حجرہ شاہ مقیم (کرائم رپورٹر) حادثات میں دو افراد جاں بحق ہو گئے، ایک کنویں میں گر کر فوتی تصیلات کے مطابق نواحی علاقے 49 ایل کے قریب روڈ پر موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 24)

فیصل آباد میں 16 سالہ نوجوان کرنٹ لگنے سے جاں بحق

فیصل آباد (رپورٹر) فیصل آباد میں 16 سالہ نوجوان کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہو گیا تفصیلات کے مطابق فیصل آباد: ستیانہ روڈ کنال سیف ہوم پر پہلی واردات کے نزدیک 16 سالہ نوجوان کرنٹ لگنے سے جاں بحق۔ چھت پر کرگی پانی (بقیہ نمبر 27)

اسلامک فنانس کے بغیر مسلم امہ ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتی

منعقدہ دو روزہ ''ورلڈ اسلامک اکنامکس اینڈ فنانس کانفرنس'' کا کانفرنس اختتام پذیر

لاہور (پ ر) منہاج یونیورسٹی لاہور میں منعقدہ ''ورلڈ اسلامک اکنامکس اینڈ فنانس کانفرنس'' کے آخری روز اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن پروفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری نے کہا کہ اسلامی معاشی نظام کو اپنائے بغیر مسلم دنیا ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتی۔ مسلمہ امہ کی ترقی اور خوشحالی کا راستہ (بقیہ نمبر 26)

منہاج یونیورسٹی لاہور میں منعقدہ دو روزہ ورلڈ اسلامک اکنامکس اینڈ فنانس کانفرنس کے اختتام پر شرکا کا گروپ فوٹو

''سود'' جیسے الفاظ سے مالیاتی نظام کیلئے غیر ضروری تنازعات، منفی تاثر پیدا ہوتا ہے، ماہرین معاشیات

لاہور (سٹاف رپورٹر) ماہرین معاشیات نے کہا ہے کہ اسلامی ممالک بالخصوص مشرق وسطیٰ میں پالیسی ریٹ کو ''شرح منافع'' یا شرح نفع'' جیسے الفاظ کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے جس سے اس کی افادیت بہتر انداز میں اجاگر ہوتی ہے تاہم اس کے برعکس پاکستان میں ''سود'' جیسے (بقیہ نمبر 1)

پنجاب میں میٹرک امتحانات میں پہلی بار تھرڈ ڈی میٹرکس بار کوڈ رول نمبر سلپ جاری کرنے کا فیصلہ

لاہور (ایزد رپورٹر) وزیراعلیٰ کی ہدایت پر صوبے میں میٹرک امتحانات میں پہلی بار ڈی میٹرکس بار کوڈ رولنمبر سلپ جاری کی جائے گی تاکہ امتحانی مراکز میں جعلی ڈگری کا 100 فیصد خاتمہ ہو سکے ڈی میٹرکس رولنمبر سلپ (بقیہ نمبر 5)

پنجاب میں غیر ملکی سرمایہ کاری کیلئے بہترین ماحول موجود ہے: آئی جی پنجاب

(Ericsson) کے نائب صدر فریڈرک پال رابرٹسن (RobertsonPaulFredrick) کی وفد کے ہمراہ سنٹرل پولیس آفس آمد

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے غیر ملکی ادارے (Ericsson) کے نائب صدر فریڈرک پال رابرٹسن (RobertsonPaulFredrick) نے وفد کے ہمراہ سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ وفد میں پاکستان میں کنٹری منیجر عاصم انور اور سٹریٹیجک تھریٹ انٹیلی لیڈ میٹیاس لوف (Loof Mattias) و (بقیہ نمبر 12)



لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور غیر ملکی ادارے (Ericsson) کے نائب صدر فریڈرک پال رابرٹسن (Fredrick Paul Robertson) کو پنجاب پولیس سٹیٹمنٹ بارے کافی فیصل بک ''تھانے پنجاب دے'' پیش کر رہے ہیں

ایف بی آر کا 108 گاڑیوں کی خریداری کی اجازت ملنے کا انکشاف

ایف بی آر نے 1010 نئی گاڑیوں کی خریداری کا عمل شروع کر دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹر) وفاقی کابینہ کی جانب سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے 1087 گاڑیوں کی خریداری کی اجازت دینے کا انکشاف سامنے آگیا، ایف بی آر نے 1010 نئی گاڑیوں کی خریداری کا عمل شروع کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایف بی آر کے پاس 1010 کے علاوہ مزید 77 گاڑیوں کی خریداری کی منظوری موجود ہے، کابینہ نے (بقیہ نمبر 13)

اشیائے خورد و نوش لیکر 100 گاڑیوں پر مشتمل قافلہ کرم کیلئے روانہ

قافلے کی حفاظت کے لیے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں، ڈی سی ہنگو

ہنگو (بیورو رپورٹ) اشیائے خورد و نوش لے کر 100 گاڑیوں کا قافلہ ضلع کرم کے لیے روانہ ہوگیا۔ ڈپٹی کمشنر ہنگو کو زبان کے مطابق ضلع کرم کیلئے 60 گاڑیوں پر مشتمل قافلہ روانہ کیا گیا جس کے بعد مزید 40 گاڑیوں کا قافلہ بھی روانہ ہوگیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر کے مطابق قافلے میں آٹا، گھی، پینی، ادویات اور روزمرہ کی اشیاء شامل ہیں جب کہ قافلے کی (بقیہ نمبر 2)

باپ کی محنت کی کمائی اڑانے کا منصوبہ ناکام، بیٹا گرفتار

پولیس نے ملزم صداقت کی صداقت کا پتا لگا کر چھپا کر رکھی گئی رقم کا ورثا کو حوالہ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں شفیق آباد پولیس نے ڈکیتی کی جھوٹی کال دینے والے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے، جس نے اپنے سگے باپ کی کمائی گئی رقم اڑانے کا منصوبہ بنایا تھا۔ ملزم نے جھوٹ بولتے ہوئے پولیس کو اطلاع دی کہ اس کے ساتھ ڈکیتی کی واردات ہوئی ہے اور اس کی رقم چھین لی گئی ہے۔ تاہم پولیس کی فوری کارروائی اور تفتیش کے دوران ملزم کا دعویٰ جھوٹا نکلا۔ ملزم نے (بقیہ نمبر 3)



لاہور: شہداء لبرٹی چوک پر یادگار

اپر مپلی جنگ نے غزہ کی ترقی کو 60 سال پیچھے کر دیا، ڈی پی او این طے سیکڑوں لاشیں موجود ہونے کا خدشہ ہے، ملبے ہٹانے کا نظام، ویسٹ مینجمنٹ سسٹم سب تباہ، ہوچکا ہر براہ آبجیم اسٹیریٹ کا انٹرویو

جنگ نے غزہ کی ترقی کو 60 سال پیچھے کر دیا، اقوام متحدہ کا غزہ کی تعمیر نو کیلئے اربوں ڈالرز اکٹھے کرنا ایک مشکل کام ہوگا، غزہ کی دو تہائی عمارتیں تقریباً 70 فیصد عمارتیں یا تو مکمل یا جزوی طور پر تباہ ہو چکی ہیں، انہوں نے بتایا کہ اندازے کے مطابق 42 ملین ٹن ملبے (بقیہ نمبر 36)



لاہور: ڈھول والی روڈ پر تجہیز و تدفین کاروں کو اگیر جیرت سے دیکھ رہے ہیں

مانانوالہ نادرا رجسٹریشن انچارج کا غیر اخلاقی اور تنک آمیز رویہ

عوام کو ٹرخا دینے اور کئی کئی روز دیدہ دانستہ طور پر چکر لگوانے کا انکشاف

مانانوالہ (بیورو رپورٹ) مانانوالہ نادرا رجسٹریشن انچارج کا غیر اخلاقی اور تنک آمیز رویہ حصول شناختی کارڈ ب فارم اور دیگر درپیش مسائل کے حوالے سے آنے والے مرد و خواتین کو شدید تضحیک کا نشانہ بنانے کا انکشاف۔ شہریوں کا شدید احتجاج چیئرمین نادرا اور وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 3)

محکمہ سوئی گیس میں صنعتوں کیلئے گیس مزید مہنگی کرنے کی منظوری

اقتصادی رابطہ کمیٹی کا گھریلو صارفین کیلئے گیس کی قیمت میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ

لاہور (نوائے وقت رپورٹ) نگہ سوئی گیس میں صنعتوں کیلئے گیس مزید مہنگی کرنے کی منظوری کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے گھریلو صارفین کیلئے گیس کی قیمت میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے گھریلو صارفین کے لیے گیس کی قیمت میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا جبکہ صنعتی شعبے کے لیے نرخ میں اضافے کی منظوری دے دی۔ وفاقی وزارت خزانہ سے جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر خزانہ (بقیہ نمبر 2)



بچوں کو معیاری تعلیم دیکر کارآمد شہری بنانا عظیم مشن ہے

اساتذہ اپنے فرائض منصبی دیانتداری سے ادا کریں، ڈی ای او کی اساتذہ سے گفتگو

طالب علم کو آسانوں کی بلندیوں تک پہنچانے میں اساتذہ بہت نمایاں کردار ادا کرتے ہیں

والدین کا احترام کریں، ہماری کوشش ہوگی کہ والدین کو پورا مرتبہ ملے، ہماری کوشش ہوگی کہ والدین کی محنت کو پورا اتریں، ہم جامع تعلیم کا ایسا سسٹم بنائیں گے جو ہمارے بچوں کو بہترین شہری بنا سکے، ڈی ای او ایجوکیشن ڈاکٹر شازیہ نسرین خان کا ایک نجی سکول کے سالانہ جشن سے خطاب (بقیہ نمبر 28)



فلسطینی بے گھر ہونے کے لیے نہیں، مصری ماہر

مسئلہ فلسطین کے حوالے سے مصر کی پالیسی میں کوئی تبدیلی آئے گی

قاہرہ (نیٹ نیوز) امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی تجویز کہ مصر اور اردن فلسطینی پناہ گزینوں کی زیادہ تعداد کو اپنے ہاں بسنے والے رہنما خیال کریں، کے بعد پائے جانے والے خدشات کے حوالے سے مصری ماہر نے کہا ہے کہ اس تجویز کو سنجیدگی سے نہیں لینا چاہیے۔ اسرائیلیوں نے لاکھوں فلسطینیوں کو مصر اور اردن کی سرحد پر دھکیلنے کی کوشش کی ہے تاہم فلسطینی عوام اور اردن نے اس تجویز کو مسترد کر دیا ہے۔ ٹرمپ کی تجویز پر تبصرہ کرتے ہوئے مصری مسکری ماہر میجر جنرل احمد الشاذلی نے عربی ٹی وی سے گفتگو میں کہا کہ مصر نے جنگ کے آغاز سے ہی اہل غزہ کو بے گھر کرنے کے خیال کو مسترد کر دیا تھا۔ اس معاملے کو قبول کرنے کے لیے تمام دباؤ، کوششوں اور لالچ کو ٹھکرا دیا ہے

ٹرمپ کی اسرائیل کو 2 ہزار پاؤنڈ وزنی بم فراہم کرنے کی اجازت

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیل کو 2 ہزار پاؤنڈ وزنی بم فراہم کرنے کی اجازت دے دی۔ عرب میڈیا کے مطابق ٹرمپ نے کہا کہ اسرائیل کو آج ہی یہ دیں گے، دو طویل عرصے سے ان کا انتظار کر رہے تھے۔ صحافیوں کے صدر ٹرمپ سے سوال کیا کہ اسرائیل کو بم فراہمی پر عائد پابندی کیوں ہٹا رہے ہیں؟ جس پر ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے یہ خریدے ہیں اس لیے پابندی ہٹائی ہے۔ عرب میڈیا کا کہنا تھا کہ پابندی انتظامیہ نے اسرائیل کو 2 ہزار پاؤنڈ وزنی بموں کی فراہمی روک دی تھی۔

بھرپور احتجاج، تحریک دوبارہ شروع کر رہے ہیں، جاوید قصوری

ایف بی آر کا اربوں روپے کی لگژری گاڑیاں خریدنے کا اعلان قابل مذمت ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری نے کہا ہے کہ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر احتجاجی تحریک کو از سر نو شروع کر رہے ہیں، کارکن تیاری کریں، 31 جنوری کو ملک بھر میں ملکی لے بلوں کو کم، ہائبرڈ میکسیر ختم، پٹرول کی لیوی ہے ''سرکاری مراعات ختم'' نگہداد و دار طبقے کو ریلیف کے لئے بھرپور احتجاج کیا جائے گا، وعدوں میں بھی عوام کو کامیاب کرانے کیلئے بھرپور احتجاج کیا جائے گا، جب تک حکومت مطالبات منظور نہیں کرتی۔

شوگر کین کمشنر کی ضروریات منظر رکھ کر کی جائے، وزیر بلدیات

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات و دیہات رفیق بلوچ نے فوڈ کمیٹی کے دورے میں ہونے والے بریفنگ کے موقع پر کہا ہے کہ شوگر کین کمشنر کی ضروریات مدنظر رکھ کر کی جائے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب کلیم الدین اجلاس میں موجود تھے۔ پی ایم ڈی اے کے منیجنگ ڈائریکٹر سید ابوذر عزیز نے صوبائی وزیر کو مختلف منصوبوں پر بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات و دیہات رفیق (بقیہ نمبر 15)

لاہور: وزیر بلدیات و دیہات رفیق بلوچ اتھارٹی فنڈ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سی ای او ایجوکیشن نکانہ نے رانا طارق کو تعریفی سرٹیفکیٹ جاری کر دیا

نکانہ صاحب (نمائندہ خصوصی) سی ای او ایجوکیشن نکانہ ڈاکٹر محمد قیم خان نے ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن نکانہ ڈاکٹر محمد قیم خان نے انتظامی معاملات میں اعلیٰ کارکردگی، مثالی فرائض منصبی کی ادائیگی اور دوران ڈیوٹی نمایاں خدمات کے اعتراف میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر (جنرل) نکانہ رانا طارق محمود کو تعریفی سرٹیفکیٹ جاری کر دیا اور ان کی شاندار تعلیم میں خدمات کو (بقیہ نمبر 20)

بدین، جعلی عامل کے تشدد سے خاتون جاں بحق

بدین (بیورو رپورٹ) بدین میں جعلی عامل کے ہاتھوں تشدد کے باعث 30 سالہ خاتون جاں بحق ہوگئی، جعلی عامل اور اس کے ساتھی کو گرفتار کر لیا گیا۔ بدین پولیس کے مطابق ملزمان نے گاؤں غلام اشفق جوہانی کی رہائشی 30 سالہ سکینہ جتوئی عامل کے ہاتھوں تشدد کے باعث جاں بحق

نارووال، بچی سکول کے طلبہ پر بدترین تشدد کی ویڈیو وائرل

نارووال (کرائم رپورٹر) نجی سکول میں طلبہ پر بہیمانہ تشدد کی ویڈیو وائرل ہونے پر پولیس نے اسسٹنٹ ایگزیکٹو آفیسر کی عدلیت میں مقدمہ درج کرا لیا۔ تاہم کیا گیا کے ظلور وال روڈ پر قائم نجی سکول کی ایک (بقیہ نمبر 23)

حجرہ شاہ مقیم، ٹریفک حادثات میں دو افراد جان کی بازی ہار گئے، ایک زخمی

حجرہ شاہ مقیم (کرائم رپورٹر) حادثات میں دو افراد جاں بحق ہو گئے، ایک کنویں میں گر کر فوتی تصیلات کے مطابق نواحی علاقے 49 ایل کے قریب روڈ پر موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 24)

فیصل آباد میں 16 سالہ نوجوان کرنٹ لگنے سے جاں بحق

فیصل آباد (رپورٹر) فیصل آباد میں 16 سالہ نوجوان کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہو گیا تفصیلات کے مطابق فیصل آباد: ستیانہ روڈ کنال سیف ہوم پر پہلی واردات کے نزدیک 16 سالہ نوجوان کرنٹ لگنے سے جاں بحق۔ چھت پر کرگی پانی (بقیہ نمبر 27)

اسلامک فنانس کے بغیر مسلم امہ ترقی کی راہ پر گامزن نہیں ہو سکتی

منعقدہ دو روزہ ''ورلڈ اسلامک اکنامکس اینڈ فنانس کانفرنس'' کا کانفرنس اختتام پذیر

لاہور (پ ر) منہاج یونیورسٹی لاہور میں منعقدہ ''ورلڈ اسلامک اکنامکس اینڈ فنانس کانفرنس'' کے آخری روز اختتامی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن پروفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری نے کہا کہ اسلامی معاشی نظام کو اپنائے بغیر مسلم دنیا ترقی کی منازل طے نہیں کر سکتی۔ مسلمہ امہ کی ترقی اور خوشحالی کا راستہ (بقیہ نمبر 26)

منہاج یونیورسٹی لاہور میں منعقدہ دو روزہ ورلڈ اسلامک اکنامکس اینڈ فنانس کانفرنس کے اختتام پر شرکا کا گروپ فوٹو

صحافت ایک مقدس پیشہ ہے' ایم ایچ شاہ

عبدالخالق چوہدری نے مشکل ترین حالات میں بھی پریس کلب کے لیے دن رات کام کیا

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) صحافت ایک مقدس پیشہ ہے اور بہت بڑی ذمہ داری ہے اس لیے صحافیوں کو بھید خلائق کو سامنے رکھ کر لکھنا چاہیے ان خیالات کا اظہار سینئر صحافی چیف ایڈیٹر روزنامہ طوفان نیل ایم ایچ شاہ نے قلعہ احمد آباد پریس کلب کے سرود ھا (کرائم رپورٹر) سرگودھا میں دو بہنوں کے 21 سالہ طالب علم بھائی کو گھر سے کیوں کر اغوا کر کے قتل کر دیا گیا اور محض دو ماہ بعد ہی ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ شہریوں کا شدید احتجاج چیرمین نادرا اور وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 3)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں جذام کا عالمی دن 31 جنوری کو منایا جائیگا

آج (بدھ) پاکستان سمیت دنیا بھر میں جذام کا عالمی دن 31 جنوری کو منایا جائیگا اس دن کی مناسبت سے فیصل آباد میں ملک بھر میں محکمہ صحت اور فکی تنظیموں کے زیر اہتمام آگاہی واک اور سیمینار ز انعقاد پذیر ہونے جس کا مقصد لوگوں کو جذام کے مودی مرض کی طرف متوجہ کرانے کے ساتھ ساتھ ان میں یہ احساس پیدا کرنا ہے کہ جذام کی بیماری ہے (بقیہ نمبر 31)

شام، جرب اللہ کو تبھی جانے والی اسلحے کی کھیپ ضبط

دمشق (این این آئی) شام میں بشارالاسد کی حکومت کے خاتمے کے بعد بھی دمشق کے راستے سے لبنانی حرب اللہ کو اسلحہ کی کارروائیاں جاری ہیں۔ اطلاعات کے مطابق شام کی دارالحکومت دمشق سے لبنان (بقیہ نمبر 30)

آصفہ بھٹو زرداری کی 32 ویں سالگرہ 3 فروری کو منائی جائے گی

کوٹ (این این آئی) صدر آصف علی زرداری کی چھوٹی صاحبزادی بلاول بھٹو کی بہن آصفہ بھٹو زرداری کی 32 ویں سالگرہ 3 فروری کو منائی جائے گی۔ پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام فیصل آباد سمیت ملک بھر میں ہونے والی تقریبات میں سالگرہ کے کیک کاٹے جائیں گے

پولیس کی بڑی کامیابی، بین الاضلاعی گینگ سرغنہ مارا گیا

ڈکواتوں کے ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوا، 92 سنگین مقدمات میں مطلوب تھا

مجرم شاہ مقیم (این این آئی) ڈاکوؤں کی تعاقب میں مصروف پولیس پر فائرنگ، اپنا ہی سرغنہ مار گرایا، تفصیلات کے مطابق چار مسلح موٹر سائیکل سوار ڈاکوں نے شیری انڈسٹری کے پیٹرول پمپ پر پہنچ کر (بقیہ نمبر 29)

سعودی ولی عہد کا اٹلی کی وزیر اعظم سے العلا شہر میں استقبال

شام، لبنان اور اسرائیل و فلسطین کے درمیان جنگی صورت حال پر تبادلہ خیال

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے آج دو طرفہ تعلقات اور معاہدات کے بارے میں تبادلہ خیال کیا اور مختلف شعبوں میں دونوں ملکوں کے درمیان تعاون بڑھانے کے امور پر غور کیا

عالمی ورثے سے متعلق آثار قدیمہ کے مرکز کا دورہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے دو طرفہ تعلقات اور عالمی و علاقائی امور سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ سعودی عرب کے ولی عہد و وزیر اعظم اٹلی کے درمیان یہ ملاقات العلا میں ہوئی۔ العلا سعودی عرب کے شمال مغرب میں واقع ہے۔ اس سے قبل دونوں رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹیجک شراکت داری کونسل کے قیام کے معاہدے پر دستخط کیے گئے ہیں۔ اس کونسل کے قیام کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانا ہے۔ اس کونسل کے قیام کے معاہدے پر دستخط کیے گئے ہیں۔ اس کونسل کے قیام کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانا ہے۔



راولپنڈی پی ٹی آئی سیاسی کارکن حماد اظہر اور ڈی پی او جوہر خان آفس میں گلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں